http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur
اشاعت کے مسلسل 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ
ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو
REG # 12(2411)/22
چیف ایڈیٹر عبدالعلی منصور
روزنامہ تشکر نیوز کراچی
جلد : 24 | 11 جمادی الاول 1448ھ جمعہ 23 اکتوبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 120



وفاقی حکومت عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی

خیبر پختونخوا کو جلتا نہیں دیکھ سکتے گورنر راج لگانا مجبوری تھی، وزیراعظم

خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وفاقی حکومت، عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، خیبر پختونخوا میں خوشیاں، امن اور ترقی کا دور واپس لاکر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔ وہ جمعرات کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)



پی ٹی آئی میں اختلافات شدت اختیار کرگئے، فردوس شمیم نقوی عہدے سے مستعفی | علی امین گنڈاپور کا سلمان اکرم راجہ سے الزامات کے شواہد سامنے لانے کا مطالبہ

ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی فردوس شمیم نقوی نے استعفیٰ دیا جو منظور نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد، کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بتایا ہے کہ میں نے پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفیٰ پیش کیا، میں نے استعفیٰ منظور کرنے سے انکار کر کے واپس کر دیا۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ فردوس شمیم نقوی نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

سپریم کورٹ، ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال، فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



فیلڈ مارشل سے مالدیپ کے صدر کی ملاقات

دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی، ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے، دفاعی شعبے میں تعاون بڑھانے اور علاقائی امن وسلامتی کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا گیا، ترجمان پاک فوج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کی جس دوران باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال اور پاکستان و مالدیپ کے درمیان دوطرفہ تعاون بڑھانے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور پیشہ ورانہ تبادلوں کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر پاکستان کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور تعمیری روابط کے ذریعے علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ کے عزم کا اعادہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)



راولپنڈی: چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے مالدیپ کے صدر ملاقات کر رہے ہیں

ریاض اور مدینہ کی فضائی حدود میں 4 ڈرونز تباہ کر دیئے، سعودی فوجی اتحاد | حوثیوں کے 48 گھنٹوں میں سعودی وزارت دفاع، آرامکو اور 2 ہوائی اڈوں پر حملوں کا دعویٰ

سعودی عرب کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ، 2 افراد جاں بحق، 8 زخمی

ریاض اور مدینہ منورہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے والے 4 ڈرونز کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا ہے، میجر جنرل ترکی المالکی

ینبع میں سعودی تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات، ابہا بین الاقوامی ہوائی اڈے اور دمام میں شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا، حوثی فوجی ترجمان

دمام، ریاض، صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے شہر دمام میں کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے میں دو افراد جاں بحق جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوگئے۔ سعودی جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن کے مطابق حملے کے نتیجے میں جانی نقصان ہوا ہے، جبکہ حکام املاک اور تنصیبات کو پہنچنے والے نقصان کا جائزہ لے رہے ہیں۔ تاحال حملے کی نوعیت، ذمہ داروں اور اس کے ممکنہ محرکات کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ حکام کی جانب سے مادی نقصان کی مکمل تفصیلات بھی جاری ہونا باقی ہیں۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب مشرقِ وسطیٰ میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

پشاور: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف خیبر پختونخوا کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشت گردی کیخلاف پاکستان اور یورپی یونین کا مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

پاکستان اور یورپی یونین نے دہشت گردی کی تمام اقسام کی مذمت کی، یورپی یونین نے پاکستان میں حالیہ دہشت گرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں سے اظہار یکجہتی کیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام آباد میں دسواں دور ہوا، جس میں دہشتگردی کے خلاف مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت ڈی جی انسداد دہشتگردی ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 60 پیسے کی مزید کمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے دورۂ جرمنی کیلئے روانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ایران سے مذاکرات نہیں ہو رہے، معاملہ جلد کسی نہ کسی صورت حل ہو جائے گا، امریکی صدر ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ واشنگٹن اس وقت ایران کے خلاف فوجی اور مالی محاذ پر اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان جاری تنازع جلد کسی نہ کسی صورت میں حل ہو جائے گا۔ تاہم انہوں نے ایران کے ساتھ مذاکرات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

گوادر: فتنہ الہندوستان کی حملے کی ناکام کوشش، جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک

کرک میں دہشت گردوں سے فائرنگ کا تبادلہ

ڈی ایس پی سی ٹی ڈی سمیت 4 اہلکار شہید

آپریشن کی قیادت ڈی ایس پی بانڈہ اور ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کر رہے تھے جبکہ بی ڈی یو، ڈرون ٹیم، ریسکیو 15 اور آر آر ایف کے اہلکار بھی کارروائی میں شریک تھے، پولیس حکام

گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش کو ناکام بنا دیا گیا، گوادر جی او سی خود آپریشن کو لیڈ کر رہے ہیں، سیکورٹی ذرائع

پشاور، کوئٹہ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک کے علاقے خرم محمد زئی کے چرپیرا میں پولیس اور نامعلوم مسلح افراد دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کے ڈی ایس پی عمران الدین سمیت چار پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس نے ضلع کرک میں دہشت گردوں کے خلاف سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے دوران بہادری اور پیشہ ورانہ عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ ڈی ایس پی (سی ٹی ڈی) عمران الدین خان، ایس آئی افضل اعوان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کے گن مین کاظم اور بم ڈسپوزل یونٹ کے اہلکار امجد نے جام شہادت نوش کیا۔ پولیس نے بتایا کہ گزشتہ شب تھانہ خرم کی حدود میں واقع چرپیرا روڈ پر دہشت گردوں نے ناکہ بندی قائم کی تھی، واقعے کے بعد دہشت گردوں کی موجودگی اور نقل وحرکت کے خلاف کارروائی کے لیے آج دوپہر 12 بجے سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن شروع کیا گیا۔ بیان میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

نیتن یاہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں، اسرائیلی میڈیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی اخبار کے اداریے میں کہا گیا ہے کہ نیتن یاہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں، اسرائیل کو نئی قیادت اور قومی اتحاد کی ضرورت ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نیتن یاہو ناکامیوں کے باوجود اقتدار سے چمٹے ہوئے ہیں، لاکھوں اسرائیلیوں کو بطور ریزرو فوجی جنگوں میں دھکیلا ہوا ہے۔ اسرائیلی اخبار کا کہنا تھا کہ لبنان میں ریزرو فوجیوں کو مسلسل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)



پاکستانی فیشن ڈیزائنر ایچ ایس وائے کا موبائل فون اور ذاتی اکاؤنٹس ہیک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے معروف فیشن ڈیزائنر حسن شہریار یاسین، جنہیں ایچ ایس وائے کے نام سے پہچانا جاتا ہے، کا موبائل فون اور ذاتی اکاؤنٹس ہیکرز کے نشانے پر آگئے، جس کے بعد انہوں نے اپنے مداحوں، دوستوں اور متعلقہ افراد کو ممکنہ دھوکا دہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں، بات چیت کرنی ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں، اپوزیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت اگر مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں ورنہ بات چیت کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں کر سکتے۔ اپوزیشن رہنماؤں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور دیگر نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

غربت میں 7 فیصد اضافہ

پاکستان میں ہر 6 میں سے ایک فرد بے روزگار

عالمی بینک نے پاکستان میں معاشی استحکام کے باوجود روزگار کے بحران سے خبردار کر دیا۔ جی ڈی پی گروتھ 3.7 فیصد جبکہ بے روزگاری 7 فیصد تک پہنچ گئی۔ ملک میں ہر سال 36 لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں آ رہے ہیں جبکہ مزدور کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے اصلاحات اور نجی شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ عالمی بینک نے پاکستان ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ رپورٹ 2026 جاری کر دی۔ پاکستان میں گزشتہ 6 سال میں غربت میں 7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان میں 2018-19 میں غربت کی شرح 22 فیصد تھی، ملک میں سال 2024-25 کے دوران غربت بڑھ کر 29 فیصد ہو گئی۔ سال 2024 میں پاکستان میں بے روزگاری کی شرح 7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق غربت میں اضافے کی وجہ کم ہوتی حقیقی لیبر انکم ہے، اس کے مقابلے میں مہنگائی کی شرح بہت بلند، سست پیداواری ترقی ہے، ملک میں خواتین اور نوجوانوں میں بے روزگاری زیادہ ہے۔ عالمی بینک کے مطابق 2018 سے 1 کروڑ 77 لاکھ کے روزگار کے مواقع پیدا ہوئے، تاہم یہ ملازمتیں کم اجرت پر اور کم پیداواری شعبوں میں سامنے آئیں، پاکستان میں 2014 سے 2024 کے دوران سالانہ لیبر پروڈکٹیویٹی 0.4 فیصد رہی، سال 2026-27 میں مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد کی بلند سطح پر رہے گی۔

عالمی بینک نے پاکستانی معیشت سے متعلق رپورٹ میں معاشی استحکام کو روزگار کے بڑھتے تقاضے پورے کرنے کیلیے ناکافی قرار دے دیا۔ پاکستان میں ہر سال 36 لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں داخل ہو رہے ہیں جبکہ ملک میں 2018 سے اب تک ہر چھٹا پاکستانی بے روزگار ہیں، مزدوروں کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ رواں مالی سال معاشی شرح نمو 3.8 فیصد اور مہنگائی کی اوسط شرح 8.2 فیصد رہنے کا امکان ہے جبکہ گزشتہ مالی سال جی ڈی پی گروتھ 3.7 فیصد اور بے روزگاری 7 فیصد رہی۔ عالمی بینک کے مطابق 2030-31 کی وسط مدت تک معاشی شرح نمو 4.5 فیصد تک پہنچ سکتی ہے تاہم 6 فیصد سالانہ ترقی کے لیے تیز رفتار ساختی اصلاحات اور نجی شعبے کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ضروری ہیں۔ رپورٹ میں مشرقِ وسطیٰ کے بحران کو پاکستانی معیشت کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے توانائی کے درآمدی بل میں 30 فیصد اضافے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ بحران کے باعث درآمدات، قرضوں اور بیرونی مالی ضروریات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے، پاکستان کو سالانہ جی ڈی پی کے 15 فیصد کے مساوی بیرونی فنانسنگ درکار ہوگی۔

عالمی بینک نے پاکستان کی معیشت کیلئے چار بڑے خطرات کی نشاندہی بھی کر دی، مشرق وسطیٰ تنازعہ، ایل نینو، بیرونی فنانسنگ، مالی وسائل میں کمی شامل ہیں۔ معاشی ترقی 4.5 سے 6 فیصد تک لے جانے کیلئے اسٹرکچرل اصلاحات ناگزیر قرار دیدیا۔ رپورٹ میں توانائی شعبے میں اصلاحات، سروس ڈلیوری میں بہتری، اسکل اور مہارت پر زور دیا گیا ہے، بزنس فرینڈلی انوائرمنٹ، ٹیکس بیس بڑھانے، این ایف سی ایوارڈ پر عمل درآمد پر بھی زور گیا گیا ہے۔ عالمی بینک نے توانائی شعبے میں غیر ضروری سبسڈیز ختم کرنے کی بھی سفارش کر دی۔ بنیادی معاشی اصلاحات پر عملدرآمد سے جی ڈی پی گروتھ 6.2 سے 6.9 فیصد تک جا سکتی ہے۔

پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 25 نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا، اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے دو پائلٹس، محمد ذیشان علی اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

پاکستان میں نرسوں کی شدید کمی ہے، جبکہ بیرون ملک روزگار کے لئے جانے والی نرسوں کی تعداد بھی قابل توجہ ہے

نئے انتظامی یونٹس بنا کر اسپتالوں اور جامعات کو ترقی دی جائے، مصطفیٰ کمال

آئندہ دنوں میں نئے انتظامی یونٹس قائم ہوں گے، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنا ہوں گے، کراچی کو اس کے جائز اختیارات کا صرف 3 فیصد ملتا ہے،

بڑھتی آبادی نے صحت کے نظام پر دباؤ بڑھا دیا، اسپتال بنانا ہیلتھ کیئر نہیں بلکہ سک کیئر ہے، پاکستان میں ہر سال بڑی تعداد میں بچے پیدا ہورہے ہیں، وفاقی وزیر صحت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام اور موجودہ نظام حکمرانی کی کارکردگی پر سنجیدہ بحث جاری ہے، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

عمرہ، حج، ورک ویزے پر سعودی عرب جانے والوں کیلئے ویکسینیشن کی شرط پر عملدرآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عمرہ، حج اور ورک ویزے پر سعودی عرب جانے والے مسافروں کے لیے لازمی ویکسینیشن کی شرط پر عملدرآمد کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

لاہور مسلسل چوتھے روز دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کو مسلسل چوتھے روز دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

گرفتار ملزمان سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد ہوئی ہیں، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

حیدرآباد، پرانی دشمنی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) حیدرآباد کی جی او آر کالونی میں موتی مسجد کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوام کو طویل مدتی فوائد فراہم کیے جائیں، وزیر اعلیٰ سندھ

دیہی خوشحالی، روزگار، موسمیاتی تبدیلیوں سے محفوظ بنیادی ڈھانچے اور نوجوانوں کی فنی تربیت پر توجہ دینے کا فیصلہ،

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے کے اعلیٰ سطح کے وفد کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے کے اعلیٰ سطحی وفد کے درمیان سندھ میں جامع معاشی ترقی، دیہی آبادیوں کی خوشحالی، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال کیریئر کنکٹ 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پیٹرول پر عائد لیوی ختم نہ ہوئی تو اسلام آباد مارچ کریں گے، حافظ نعیم الرحمن

عوام ایک لیٹر پیٹرول پر 135 سے 140 روپے تک ٹیکس دے رہے ہیں، اضافی ٹیکسوں کے خاتمے سے بڑا

ریلیف مل سکتا ہے، کرپشن اور لوٹ مار کے نظام نے کراچی کے شہریوں کے حقوق متاثر کیے ہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ پیٹرول پر عائد لیوی ختم نہ کی گئی تو جماعت اسلامی اسلام آباد میں مارچ کرے گی، عوامی دباؤ کے نتیجے میں حکومت کو اپنا فیصلہ واپس لینا پڑے گا۔ جامعہ کراچی میں اسلامی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

ملیر سٹی میں مبینہ پولیس مقابلہ، زخمی حالت میں گرفتار ملزم دوران علاج ہلاک

پولیس نے دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کیا تھا، اسلحہ، نقدی اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر سٹی پولیس کے ہاتھوں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار کیا جانے والا ملزم دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی کی تباہی اور سندھ حکومت کی ناکامی، نئے انتظامی یونٹس ناگزیر ہیں، وسیم اختر

نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے شہری مسائل کے حل، انتظامی اختیارات کی مؤثر

تقسیم اور عوام کو بہتر سہولتوں کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے، پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما وسیم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کورنگی میں پولیس مقابلہ، 2 مبینہ ڈاکو ہلاک، پولیس چیف کی شاباش

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی کورنگی کی قیادت میں ضلع کورنگی، تھانہ زمان ٹاؤن کی حدود میں شاہین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی میں گرمی کی شدت برقرار، درجہ حرارت 39 ڈگری تک پہنچنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں گرمی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ہے اور آج (جمعہ) درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے، تاہم شام کے وقت سمندری ہوائیں چلنے سے موسم میں کچھ بہتری متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان اور تھرپارکر کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

گڈاپ فارم ہاؤس سے 50 سے زائد خواتین کے موبائل فون لیکر فرار ہونیکے کیس میں اہم پیشرفت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گڈاپ کے فارم ہاؤس میں نوکری اور تربیت کا جھانسہ پر بلائی گئی 50 سے زائد خواتین کے موبائل فونز لے کر فرار ہونے کے کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ انویسٹی گیشن پولیس نے واردات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کراچی، مبینہ طور پر اغوا ہونیوالی اسکول کی طالبہ بازیاب، باپ بیٹا گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے علاقے بلھر گبول گوٹھ سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والی اسکول کی طالبہ کو پولیس نے قائد اعظم کالونی سے بازیاب کرا لیا، جبکہ واقعے میں ملوث ہونے کے الزام میں باپ اور بیٹے کو گرفتار کرلیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

میمن گوٹھ میں سابق شوہر کے مبینہ تشدد سے خاتون جاں بحق، ملزم فرار

سابق شوہر ظفر زبردستی گھر میں داخل ہوا اور ماہ نور کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے علاقے میمن گوٹھ کے خاصخیلی گوٹھ میں مبینہ طور پر سابق شوہر کے بہیمانہ تشدد سے خاتون جاں بحق ہوگئی، واقعے کے بعد ملزم فرار ہوگیا، جبکہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی، حب ریور روڈ پر ٹریفک حادثہ، زخمی دو موٹر سائیکل سوار دم توڑ گئے

ناردرن بائی پاس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے دونوں افراد زخمی ہوئے تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ کے علاقے حب ریور روڈ پر ناردرن بائی پاس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی ہونے والے دو موٹر سائیکل سوار دوران علاج دم توڑ گئے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

اسلام آباد: پاکستان اور یورپی یونین کے انسداد دہشت گردی مذاکرات کے بعد حکام کا گروپ فوٹو

کلفٹن میں ریسٹورنٹ میں گیس لیکیج سے دھماکا، دو افراد جھلس کر زخمی

زخمیوں کو سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کردیا گیا، متاثرین کی شناخت راجیش اور فیصل کے نام سے ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کلفٹن بلاک 5 میں بچی اسکول کے قریب واقع ایک ریسٹورنٹ میں گیس لیکیج کے باعث دھماکا ہوا، جس کے نتیجے میں دو افراد جھلس کر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی میں مبینہ منشیات فروش گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی آئس برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیروز آباد پولیس اور وفاقی سول حساس ادارے نے مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے مبینہ منشیات فروش قاسم عرف قاسو کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات آئس برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

سندھ ہائی کورٹ، سیاسی مخالف کو ہراساں کرنے کے الزام پر ایم پی اے کے خلاف درخواست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے رکن صوبائی اسمبلی جہانگیر موسیٰ پر سیاسی مخالف کو قومی سائبر جرائم تحقیقاتی ادارے کے ذریعے ہراساں کرنیکے الزام سے متعلق درخواست پر سماعت کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

عالمی منڈی میں سونا دو ہفتوں کی کم ترین سطح پر آگیا، فی اونس قیمت میں 1.3 فیصد کمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے بعد فی اونس قیمت 4 ہزار 85 ڈالر کی سطح پر آگئی، جو 14 اکتوبر کے بعد کم ترین سطح ہے۔ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

گلشن اقبال میں کمسن بچوں کے مبینہ اغوا کی کوشش، فوٹیج وائرل

نامعلوم شخص کے تعاقب پر بچے بھاگ کر سوسائٹی میں داخل ہوگئے، مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلشن اقبال بلاک 7 میں کمسن بچوں کے مبینہ اغوا کی کوشش کا واقعہ سامنے آیا ہے، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی ہے۔ پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ترجمان سندھ حکومت کا ردعمل

میرٹ کا درس دینے والے کراچی میں بوری بند لاشوں، بھتہ خوری،

چائنا کٹنگ اور زمینوں پر قبضوں کے ماضی کا جواب بھی دیں، سعدیہ جاوید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے متحدہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

سری لنکا کی انگلینڈ کو تاریخ ساز شکست، ہیری بروک کی ڈبل سنچری رائیگاں

راولپنڈی (اسپورٹس نیوز) پاکستان، سری لنکا اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز کے تیسرے میچ میں سری لنکا نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد انگلینڈ کو 2 وکٹوں سے شکست (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: سابق میئر و رہنما ایم کیو ایم پاکستان وسیم اختر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ایل پی جی سلنڈر 10 ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ، قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور

ایل پی جی بحران شدت اختیار کر گیا

24 گھنٹوں میں فی کلو قیمت 80 روپے بڑھ گئی

ایران کے ساتھ تجارت کا نظام اچانک معطل ہونے سے ایل پی جی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے جس کے باعث مارکیٹ میں قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں ایل پی جی کی سپلائی متاثر ہونے سے بحران شدت اختیار کرنے کا خدشہ پیدا ہوگیا، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران فی کلو قیمت میں 80 روپے اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جب کہ سپلائی مزید بند رہی تو قیمت 150 سے 200 روپے فی کلو تک بڑھ سکتی ہے۔ ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد علی حیدر نے اس ضمن میں کہا کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گل پلازہ آتشزدگی کیس: دکاندار کا انتظامیہ پر غفلت کا الزام، گواہ کے بیان پر جرح مکمل

مارکیٹ میں آگ کے پھیلاؤ اور شدت کو دیکھتے ہوئے انہیں سازش کا شبہ ہوا، جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ

میں بھی مارکیٹ کے 16 دروازوں میں سے صرف دو سے چار دروازے کھلے ہونے کا ذکر تھا، واہ شاہد پانی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں گل پلازہ آتشزدگی کیس کی سماعت ہوئی، جہاں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

صدر موبائل مارکیٹ میں نوسرباز کی انوکھی واردات، تالے بدل کر 28 لاکھ روپے کا سامان چوری

دکان بند ہونے سے چند لمحے قبل تالے تبدیل کیے، دکاندار کے جاتے

ہی صرف پانچ منٹ میں شٹر کھول کر واردات؛ پریڈی تھانے میں مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے علاقے صدر کی موبائل مارکیٹ میں نوسرباز نے چوری کی انوکھی واردات کرتے ہوئے دکان کے تالے تبدیل کیے اور دکاندار کے جانے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

سینئر صوبائی وزیر کی سندھ ویژن کانفرنس کی تیاریاں تیز کرنے کی ہدایت

صحافیوں اور میڈیا اداروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، آزادی اظہار کا تحفظ اور صحافت کا فروغ حکومتی

ترجیحات میں شامل ہے، صحافیوں و صحافتی اداروں کے مسائل کا حل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے محکمہ اطلاعات سندھ کو ہدایت کی ہے کہ سکھر میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

چیئرمین پاکستان آبزرور کی صدر آزاد جموں و کشمیر سے ملاقات، مسئلہ کشمیر پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین اور ایڈیٹر اِن چیف پاکستان آبزرور فیصل زاہد ملک نے صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان سے ایوانِ صدر آزاد کشمیر، اسلام آباد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

وفاقی حکومت کا سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانیکی ہدایت کی ہے۔ حکومت نے وزارتوں اور ڈویژنز کو ماتحت افسران کے متعلق تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

ٹائروں اور موٹر سائیکل کے پرزہ جات کیلئے نئے کسٹمز کوڈز جاری

وفاقی حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن میں ترمیم کردی، ہیوی کمرشل گاڑیوں

کے ٹائروں اور موٹر سائیکل کے مختلف پرزہ جات کے لیے نئے کوڈز مقرر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے ٹائروں اور موٹر سائیکل کے مختلف پرزہ جات کے لیے نئے کسٹمز کوڈز جاری کردیے ہیں، جس کے تحت متعلقہ اشیا کی درآمدی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

خیرپور پولیس کا منشیات فروشوں اور دیگر ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن، 6 ملزمان گرفتار

خیرپور (اسٹاف رپورٹر) خیرپور پولیس نے منشیات فروشوں اور دیگر ملزمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر 2 کلو 550 گرام چرس، 1700 گرام بھنگ اور نشہ آور سپاریاں برآمد کی گئی ہیں، جبکہ متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔

میر رضا کیس: سندھ حکومت کا جے آئی ٹی بنانے کا فیصلہ، سفارشات تیار

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سندھ حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ کی سربراہی میں میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کیلیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

اے این ایف کا ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 8 ملزمان گرفتار

تعلیمی اداروں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران جنڈ ڈسٹرکٹ اٹک میں اسکول

کے قریب گاڑی سے 250 گرام چرس برآمد ہوئی اور ملزم کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسدادِ منشیات فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

ماتلی میں کار اور دو رکشوں کے درمیان تصادم، بچے سمیت متعدد مسافر زخمی

ماتلی (اسٹاف رپورٹر) ماتلی میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کے قریب کار اور دو رکشوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک بچے سمیت متعدد مسافر زخمی ہوگئے۔ حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر تعلقہ اسپتال ماتلی منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں رکشے مبینہ طور پر آپس میں ریس لگاتے ہوئے آرہے تھے کہ اسی دوران ایک کار سے ٹکرا گئے۔

منشیات برآمدگی کے تین مقدمات میں انمول پنکی کیخلاف گواہوں کے بیانات قلمبند

تفتیشی افسر سمیت تین گواہوں کی شہادت ریکارڈ؛ دو مقدمات میں

بریت کی درخواست دائر، عدالت نے مزید سماعت 31 اکتوبر تک ملتوی کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کتے پیچھے رہ گئے، سانگھڑ میں انسان 4 افراد کو دانتوں سے کاٹ کر فرار

دو زخمیوں کی زخمیوں کی شناخت سانول یونس اور یاسین انور کے نام سے ہوئی ہے

سانگھڑ (اسٹاف رپورٹر) پہلے کتے انسانوں کو کاٹتے تھے لیکن اب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

حیدرآباد میں روٹی 25 سے بڑھ کر 35 روپے کی ہوگئی، مہنگائی کے ستائے عوام پریشان

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات عوام کی روزمرہ زندگی پر نمایاں ہونے لگے، حیدرآباد میں روٹی کی قیمت 25 روپے سے بڑھا کر 35 روپے کردی گئی، جس سے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا۔ شہر میں روٹی کی قیمت میں 10 روپے اضافے کے بعد شہریوں کیلیے بنیادی غذائی ضرورت پوری کرنا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔

نقیب اللہ قتل کیس، راؤ انوار سمیت 18 ملزمان کی بریت کے خلاف اپیلوں کی سماعت ملتوی

مقتول کے بھائی عالم شیر کی جانب سے دائر اپیلوں پر کارروائی آگے نہ بڑھ سکی؛

اپیل کنندہ کے وکیل کی عدم حاضری پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ میں نقیب اللہ قتل کیس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

سائبیریا کے مہمان پرندوں کی کراچی آمد شروع، ساحلوں اور جھیلوں کی رونقیں بڑھ گئیں

ہزاروں کلومیٹر کا سفر طے کرکے آنے والے مہمان پرندوں نے

سی ویو، ہاکس بے اور رشین بیچ سمیت سندھ کی جھیلوں کا رخ کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرد ترین علاقے سائبیریا سے ہجرت کر کے آنے والے مہمان پرندوں کی کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن طلبہ و طالبات سے خطاب کررہے ہیں

کراچی؛ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے UNIDO کے کنٹری مینیجنگ ڈائریکٹر وفد کے ہمراہ ملاقات کررہی ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کرسن ریوریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

آرمی چیف سے ملاقات کے بعد بلاول بھٹو نے کوآرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی، جس نے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کیں

SBCA میں 80 سے زائد تعمیراتی منصوبوں کی فائلیں غائب

ذمے داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، حسن بخشی

نسلہ ٹاور کا بلو پرنٹ منظور ہو گیا، مکینوں کو جلد عمارت حوالے کردی جائے گی، رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا قانون جلد منظور کرانے کی کوشش کر رہے ہیں، سابق چیئرمین آباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سابق چیئرمین محمد حسن بخشی نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) میں 80 سے زائد تعمیراتی منصوبوں کی فائلیں غائب ہونے پر ذمے دار افسران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ مطالبہ اپنے اعزاز میں معروف بلڈر ذکریا کریم کی جانب سے دی گئی عشائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محمد حسن بخشی نے نسلہ ٹاور کے مکینوں کیلئے خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ نسلہ ٹاور کا بلو پرنٹ منظور ہو گیا ہے اور عمارت بھی جلد مکینوں کے حوالے کر دی جائے گی۔ اپنے دورِ صدارت میں آباد کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آباد نے حکومت پاکستان اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر ایف بی آر اور سیون ای ختم کرائے، جبکہ 236 سی اور کے تحت عائد ٹیکس میں 50 فیصد کمی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان کی حکومت ختم ہونے کے بعد ٹاسک فورس بھی ختم ہو گئی تھی، تاہم شہباز شریف کی حکومت آنے کے بعد اسے دوبارہ تشکیل دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آباد کی کوششوں سے پہلی بار ایک کروڑ روپے کی ہاؤسنگ اسکیم متعارف کرائی گئی، جس کے تحت بلڈرز اور ڈیولپرز کو سبسڈائزڈ نرخوں پر فنانسنگ فراہم کی جائے گی۔ سابق چیئرمین آباد نے کہا کہ رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی (ریرا) کا قانون جلد منظور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس سے رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کرنے والوں کو سہولت ملنے اور شعبے میں شفافیت بڑھنے کی توقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تعمیراتی شعبے کیلئے ہنرمند افرادی قوت تیار کرنے کی غرض سے 500 طلبہ کو مفت الیکٹریشن اور تکنیکی تربیت فراہم کی جا رہی ہے، تاکہ نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ محمد حسن بخشی نے کہا کہ آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کے بعد بلاول بھٹو زرداری نے کوآرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی، جس نے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کیں اور اس ضمن میں کافی حد تک کامیابی حاصل ہوئی۔ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں مبینہ کرپشن کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ادارے کے ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کو عہدوں سے ہٹوانے کیلئے کارروائی کی گئی، جبکہ اینٹی کرپشن اور ایس بی سی اے کے بعض مبینہ طور پر کرپٹ افسران کو بھی معطل کروایا گیا۔ حسن بخشی نے امید ظاہر کی کہ آباد کی نومنتخب کابینہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آباد ایک زبردست گلدستہ بن گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹائٹل ویریفکیشن کے عمل میں مبینہ طور پر رشوت لی جاتی تھی، تاہم اب یہ عمل مفت کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آباد سعودی عرب کے شہزادہ ال رؤف کے ساتھ معاہدہ کر چکی ہے، جس کے تحت 4 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کیلئے پیش رفت متوقع ہے۔ ان کے مطابق یہ سرمایہ کاری پاکستان کے تعمیراتی شعبے اور رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کیلئے ایک اہم موقع ثابت ہوسکتی ہے۔ محمد حسن بخشی نے اس تاثر کو مسترد کیا کہ بلڈرز کو بلڈر مافیا کہا جائے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ بلڈرز کوئی مافیا نہیں بلکہ ایک پڑھا لکھا طبقہ ہیں، جو تعمیراتی سرگرمیوں کے فروغ، روزگار کی فراہمی اور ملکی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

برطانوی مشن کے وفد کی قائم مقام گورنر سندھ اویس قادر شاہ سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) برطانوی مشن برائے پاکستان کے وفد نے قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ سے گورنر ہاؤس سندھ میں ملاقات کی، جس میں ملکی سیاسی صورتحال، خارجہ امور، نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث اور انسانی حقوق کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت برطانوی مشن کی سربراہ برائے داخلی سیاسی امور شارلٹ اوجینا کا نے کی۔ وفد میں سیکنڈ سیکریٹری برائے سیاسی امور ماریا ہاولک، پرنسپل پولیٹیکل ایڈوائزر ثاقب ریاض، سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر (پنجاب) اویس شاہ اور سینئر … ثقافتی ورثے سے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کی رائے اور جمہوری فیصلوں کا احترام کیا جانا چاہیے۔ ملاقات میں انسانی حقوق، خواتین کے حقوق، مذہبی اقلیتوں کے تحفظ اور مساوی شہریت کے لیے قانون سازی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام گورنر سندھ نے کہا کہ سندھ خواتین کے حقوق کے فروغ، اقلیتوں کے تحفظ اور جامع … آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے لیا جانا چاہیے اور متعلقہ صوبائی اسمبلی کے مؤقف کا احترام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی صوبے میں نئے صوبوں یا اس نوعیت کی انتظامی اکائیوں کے قیام کی تجاویز کو مسلسل مسترد کرتی رہی ہے۔ سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ سندھ ہزاروں سالہ تاریخ، تہذیب اور ثقافت کا امین ہے اور اس کے عوام اپنے تاریخی و … بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ اور عوامی امنگوں کے مطابق قانون سازی کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ برطانوی وفد کی سربراہ مس شارلٹ اوجینا کا نے ملاقات اور پُرتپاک میزبانی پر قائم مقام گورنر سندھ کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات کے اختتام پر قائم مقام گورنر سندھ نے مہمان وفد کو سندھ کی روایتی سندھی ٹوپی اور اجرک پیش کیں۔

انصاف کیلئے ہر پیشی پر عدالت آتے ہیں، مگر پولیس چالان اور فائلیں پیش نہیں ہوتیں، حلیم عادل شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ وہ انصاف کے حصول کے لیے ہر پیشی پر باقاعدگی سے عدالت میں حاضر ہوتے ہیں، تاہم ان کے مقدمات میں نہ چالان پیش کیے جاتے ہیں اور نہ ہی پولیس کی فائلیں عدالت میں لائی جاتی ہیں، جبکہ دوسری جانب پنکی سے متعلق مقدمات تیزی سے ختم … نشستیں جیتنے والوں کو شکست سے دوچار کر کے 17 نشستیں حاصل کرنے والوں کو اقتدار میں مسلط کیا گیا۔ خیبر پختونخوا میں عوام کے ووٹوں سے قائم واحد منتخب حکومت پر بھی شب خون مارا گیا۔ پی ٹی آئی سندھ کے صدر نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری ذوالفقار علی بھٹو جیسا لباس پہن کر خود کو انقلابی اور جمہوریت پسند ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن … میں آئین کو تباہ اور عدلیہ کو غلام بنا دیا گیا ہے۔ دو تہائی اکثریت رکھنے والے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، اسپیکر اسمبلی اور تحریک انصاف کے صوبائی صدر کو لاپتہ اور اغوا کیے جانے کے واقعات انتہائی تشویش ناک ہیں۔ دنیا کے کسی جمہوری ملک میں اسپیکر اسمبلی کے ساتھ اس طرح کا سلوک نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، 180 … عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ دریں اثنا، جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں تحریک انصاف کے رہنماؤں کے خلاف ہنگامہ آرائی کے دو مقدمات کی سماعت ہوئی، جس میں حلیم عادل شیخ اور دیگر رہنما پیش ہوئے۔ عدالت نے کسی کارروائی کے بغیر دونوں مقدمات کی سماعت 12 نومبر تک ملتوی کر دی۔

ہنڈی حوالہ نیٹ ورک کیخلاف کریک ڈاؤن، 61 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے ہنڈی حوالہ کے غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 61 لاکھ 50 ہزار روپے نقد برآمد کر کے 2 مبینہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے ٹیم نے 20 اور 21 اکتوبر کو کراچی کے مختلف علاقوں میں دو الگ الگ کارروائیاں کیں، جن کے … ولد مسعود کو گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 61 لاکھ 50 ہزار روپے نقد اور ایک موبائل فون برآمد کیا گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم مبینہ طور پر دبئی سے درہم وصول کرنے اور بلیک مارکیٹ ریٹ پر پاکستان میں مختلف افراد کو پاکستانی روپے فراہم کرنے کے ہنڈی حوالہ نیٹ ورک میں ملوث تھا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق … بھی برآمد کیے گئے۔ حکام کے مطابق ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ موبائل فونز سے حاصل ہونے والے ڈیجیٹل شواہد کی مزید جانچ جاری ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی کی ہدایات پر ہنڈی حوالہ کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایف آئی اے کی ٹیم نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران دو مبینہ ملزمان کو گرفتار کیا۔ ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی میٹروپول سگنل کراچی کے قریب کی گئی، جہاں سے روح اللہ … ندیم میمن مبینہ طور پر جاپان میں گاڑیوں کی خریداری کے لیے دبئی کے ذریعے ادائیگیوں کا انتظام کرتا تھا، جبکہ پاکستان میں متعلقہ رقوم کی ادائیگی غیر رسمی مالی ذرائع سے کی جاتی تھی۔ ایف آئی اے حکام موبائل فونز میں موجود معلومات اور دیگر ڈیجیٹل شواہد کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ مبینہ مالی لین دین کے طریقہ کار اور اس میں ملوث دیگر افراد کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ دونوں ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ برآمد ہونے والے موبائل فونز سے حاصل شدہ ڈیجیٹل شواہد کی جانچ پڑتال جاری ہے۔

سندھ کی جامعات میں غیر قانونی کام برداشت نہیں کیے جائینگے، اسماعیل راہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو نے ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما وسیم اختر کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کی کسی بھی یونیورسٹی میں غیر قانونی کام برداشت نہیں کیا جائے گا اور تعلیمی اداروں میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی یقینی بنائی جائے گی۔ اپنے بیان میں وزیر جامعات سندھ نے … میں وائس چانسلرز کی تعیناتی کے لیے میرٹ پر مبنی سرچ کمیٹی کا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ وائس چانسلرز کی تقرری سے لے کر جامعات کے دیگر اہم معاملات تک قانونی طریقہ کار اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر جامعات سندھ کا کہنا تھا کہ سرکاری جامعات میں طلبہ و طالبات کے داخلے اور اساتذہ کی بھرتیاں … اور محکمہ جامعات اس معاملے کی مزید تحقیقات کروا رہے ہیں۔ محمد اسماعیل راہو نے کہا کہ جعلی ڈگریوں کے اجرا میں جو بھی ملوث پایا گیا، اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی۔ اس غیر قانونی عمل میں ملوث عناصر کے ساتھ ان کے سہولت کاروں کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کی تمام سرکاری جامعات … کے بارے میں بے بنیاد الزامات لگانے اور سیاسی مقاصد کے لیے تعلیمی نظام کو متنازع بنانے سے گریز کرنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سندھ حکومت جامعات کی خودمختاری، تعلیمی معیار اور میرٹ کے تحفظ کے لیے اقدامات جاری رکھے گی اور کسی بھی غیر قانونی عمل پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

سرکاری و نجی اداروں کو سائبر حملوں کا نیا خطرہ، قومی ادارے کا انتباہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے سرکاری اور نجی اداروں کو بیرونی کاروباری شراکت داروں، خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں اور سپلائرز کے ذریعے ممکنہ سائبر حملوں کے خطرات سے خبردار کر دیا گیا ہے۔ قومی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ڈیجیٹل نظام، حساس معلومات اور حفاظتی انتظامات کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ قومی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کے مطابق کمزور حفاظتی انتظامات رکھنے والے بیرونی ادارے کسی بھی سرکاری یا نجی ادارے کے ڈیجیٹل نظام کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔ بیرونی کمپنیوں کو اداروں کے کمپیوٹر نظام، معلومات اور … ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے سفارش کی ہے کہ کسی بھی بیرونی کمپنی یا سپلائر کو خدمات فراہم کرنے کی ذمہ داری دینے سے پہلے اس کے حفاظتی انتظامات کا مکمل جائزہ لیا جائے۔ اس کے علاوہ بیرونی اداروں کو صرف ضرورت کے مطابق نظام اور معلومات تک رسائی دی جائے اور ان کی سرگرمیوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے۔ ماہرین کے مطابق بیرونی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کی حفاظتی خامیوں سے فائدہ اٹھا کر حملہ آور کسی بڑے ادارے کے ڈیجیٹل نظام تک پہنچ سکتے ہیں، اس لیے اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شراکت داروں کے حفاظتی … حفاظتی اسناد تک رسائی حاصل ہونے کی صورت میں سائبر حملوں کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ انتباہ میں اس خدشے کی بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ بیرونی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے ذریعے حساس معلومات غیر متعلقہ افراد تک پہنچ سکتی ہیں، جس سے ڈیجیٹل نظام کی سلامتی اور معلومات کے تحفظ کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ قومی سائبر … معیار کو بھی اپنی سائبر سلامتی کی حکمت عملی کا حصہ بنائیں۔ قومی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کا بنیادی مقصد بیرونی کمپنیوں کے ذریعے پیدا ہونے والے سائبر خطرات کی بروقت شناخت، حساس معلومات کا تحفظ اور سرکاری و نجی اداروں کے ڈیجیٹل نظام کو ممکنہ حملوں سے محفوظ بنانا ہے۔

تیموریہ پولیس کے شاہین فورس جوانوں کا ڈاکوؤں سے مقابلہ، 2 ڈاکو ہلاک، اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) نارتھ ناظم آباد میں ڈی سی آفس کے قریب شاہین فورس تیموریہ کے جوانوں کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا۔ نعم چورنگی کے قریب شاہین فورس کے جوانوں نے موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کو رکنے کا اشارہ کیا، تاہم ملزمان نے رکنے کے … بجائے پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی۔ شاہین فورس کے جوانوں نے ملزمان کا تعاقب کیا، ملزمان سخی حسن سے ڈی سی آفس جانے والی سڑک پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوتے رہے۔ مسلسل تعاقب کے بعد ڈی سی آفس کے قریب پولیس اور ملزمان کے درمیان دو طرفہ فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ شاہین فورس کے جوانوں کی جوابی فائرنگ کے نتیجے میں دونوں ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ملزمان کے قبضے سے دو عدد پستول اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ ہلاک ملزمان کی شناخت اور دیگر تفصیلات معلوم کیے جا رہے ہیں، جبکہ واقعے سے متعلق مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

خواتین کو با اختیار بنانے اور حقوق کے تحفظ کے لئے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، شاہینہ شیر علی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ترقیِ نسواں سندھ شاہینہ شیر علی سے عورت پبلیکیشن اینڈ انفارمیشن سروس فاؤنڈیشن کی ریزیڈنٹ ڈائریکٹر منیزہ خان نے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں خواتین کی ترقی، حقوق کے تحفظ، صنفی مساوات اور خواتین کو با اختیار بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ … جائیں۔ شاہینہ شیر علی نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل، ان کے حل اور بہتری کیلئے قابلِ عمل تجاویز پر مبنی تحریروں پر کام کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ خواتین کے حقوق، مسائل اور ان کی ترقی سے … کیلئے بھرپور کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے فلاحی اور غیر سرکاری اداروں کا تعاون ہمیشہ قابلِ قدر رہا ہے، تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ خواتین کے مسائل سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کیلئے مختلف جرائد و رسائل میں مضامین اور تحریریں بھی شائع کی … متعلق شعور اجاگر کیا جا سکے۔ ملاقات میں خواتین کی فلاح و بہبود، حقوق کے تحفظ، صنفی مساوات کے فروغ اور خواتین کو با اختیار بنانے کیلئے مشترکہ کاوشیں جاری رکھنے پر بھی زور دیا گیا۔

سندھ میں موسمیاتی منصوبوں کیلئے کاربن کریڈٹس کے 13 منصوبوں کی توثیق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی سندھ کے زیر اہتمام موسمیاتی تبدیلی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس میں موسمیاتی اثرات میں کمی، کاربن کریڈٹس کے ذریعے مالی وسائل کے حصول، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے مستند اعداد و شمار کی تیاری اور سمندری آلودگی کی روک تھام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ ماحولیات سندھ اور دو جامعات کے درمیان موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی تحفظ، حیاتیاتی تنوع، پائیدار زراعت اور تحقیق کے فروغ کیلئے دو مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی کیے گئے۔ اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے ماحولیات دوست محمد راہموں اور سیکریٹری ماحولیات فیصل احمد عقیلی نے کی۔ اس موقع پر سندھ کلائمیٹ چینج پالیسی 2022، قومی موسمیاتی اہداف، متعلقہ کمیٹیوں، ادارہ … تحفظ، حیاتیاتی تنوع، پائیدار زراعت، شجرکاری، تحقیق، تعلیم اور معلومات کے تبادلے کے شعبوں میں جامعات کے ساتھ تعاون بڑھانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے نوجوانوں میں ماحولیاتی آگاہی بڑھے گی اور تحقیقی کام کو عملی منصوبوں سے منسلک کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت کے 12 سے زائد محکمے کام کر رہے ہیں۔ کراچی میں ویسٹ واٹر، صنعتی آلودگی اور سالڈ ویسٹ کے مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے سمندری پانی کے معیار کو بہتر بنانے، مینگرووز کی شجرکاری اور ساحلی ماحول کے تحفظ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ سیکریٹری ماحولیات فیصل احمد عقیلی نے کہا کہ جامعات اور حکومت کے درمیان تحقیقی روابط مضبوط بنا کر …

سرسید یونیورسٹی کے وفد کا واٹر کارپوریشن کے فلٹر پلانٹ کا دورہ

KARACHI WATER AND SEWERAGE CORPORATION

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرسید یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات نے ایسٹ کراچی (KII-NEK) فلٹر پلانٹ کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پانی کی فلٹریشن، ترسیل اور معیار کی جانچ کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ وفد میں ڈاکٹر سرفراز عبدالستار، انجینئر محمد ارسلان سعید، پروفیسر کفیل الرحمٰن اور طلبہ و طالبات شامل تھے۔ اس موقع پر …

کراچی پولیس اور محمدی بلڈ بینک کے اشتراک سے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر ویلفیئر برانچ کراچی پولیس آفس نے محمدی بلڈ بینک کے اشتراک سے 22 اکتوبر 2026ء کو پولیس ہیڈکوارٹرز ساؤتھ زون، گارڈن کراچی میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ کی میزبانی ایس پی پولیس ہیڈکوارٹرز ساؤتھ زون دانیہ رانا، ڈی ایس پی پولیس ہیڈکوارٹرز ساؤتھ زون اقتدار حسین، پی آئی/آر آئی انور، انچارج ویلفیئر برانچ کے پی او پی آئی شرافت خان، پی آئی ملک حبیب اور ایس آئی شاہد نے کی۔ اس موقع پر سندھ بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی، محکمہ صحت حکومت سندھ کی سیکریٹری ڈاکٹر دُرِ ناز جمال، محمدی بلڈ بینک کے سرپرستِ اعلیٰ غلام عباس بادامی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر سید مہدی رضوی نے کیمپ کا دورہ کیا۔ انہوں … بھرپور شرکت کی اور اس فلاحی سرگرمی کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ یہ اقدام کراچی پولیس کی جانب سے اپنے افسران و اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کی صحت، فلاح و بہبود اور ضرورت کے وقت معاونت فراہم کرنے کے عزم کا مظہر ہے۔

کیماڑی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، جوا سٹہ، منشیات اور گٹکا فروشی میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی کیماڑی کی ہدایت پر آئی لسٹڈ ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، جس کے تحت تھانہ موچکو پولیس نے تین مختلف مقامات پر چھاپے مارے اور جوا سٹہ، منشیات فروشی و گٹکا … عرف سرائیکی اور بابر نامی ملزمان کو گرفتار کر کے … مقدمہ 575/26 درج کیا گیا۔ دوسری کارروائی میں محمد الطاف نامی گٹکا فروش کو گرفتار کر کے مقدمہ 576/26 درج کیا گیا۔ تیسری کارروائی میں جوا سٹہ کی آرگنائزنگ میں ملوث راشد … مقدمہ 578/26 درج کیا گیا۔

سندھ میں موبائل اسپتالوں سے ایک دہائی کے دوران 50 لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج، گیانچند ایسرانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے کہا ہے کہ سندھ میں موبائل تشخیصی اور ہنگامی طبی خدمات کے ذریعے گزشتہ ایک دہائی کے دوران 50 لاکھ 19 ہزار 864 مریضوں کا علاج کیا گیا، جبکہ 12 لاکھ 74 ہزار 322 لیبارٹری اور دیگر طبی ٹیسٹ بھی کیے گئے ہیں۔ انہوں نے موبائل طبی یونٹس کی کارکردگی بہتر بنانے، دور دراز علاقوں میں طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ آف موبائل ڈائیگناسٹک اینڈ ایمرجنسی ہیلتھ کیئر سروسز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے گیانچند ایسرانی نے موبائل اسپتالوں کی خدمات، طبی سہولتوں کی دستیابی اور عملی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں بتایا گیا … خدمات فراہم کر رہے ہیں، جن کا مقصد بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو ان کی دہلیز پر طبی سہولتیں فراہم کرنا ہے۔ گیانچند ایسرانی نے بتایا کہ عمرکوٹ میں قائم ماڈل موبائل اسپتال میں موبائل انتہائی نگہداشت یونٹ، زچگی کی سہولتوں اور نوزائیدہ بچوں کی انتہائی نگہداشت سمیت مختلف طبی خدمات دستیاب ہیں۔

معروف گلوکار سجاد علی کے بھائی وقار علی کینسر میں مبتلا ہو گئے

کراچی (شوبز نیوز) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی معروف گلوکار سجاد علی کے بھائی گلوکار اور موسیقار وقار علی کینسر کے مرض میں مبتلا ہو گئے۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر وقار علی … ہے کہ موسیقی میرے لیے ہمیشہ لوگوں سے جڑنے کا ایک ذریعہ رہی ہے، آپ نے میرے کام کے ذریعے مجھے جو محبت دی ہے اسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں، آج میں عاجزی کے ساتھ آپ …

کورنگی پولیس کا پولیس مقابلہ، ہلاک ملزمان کی شناخت کر لی گئی

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کورنگی پولیس، ایسٹ زون کے علاقے میں شاہین فورس کے ہمراہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والے ملزمان کی شناخت کر لی گئی ہے۔ ملزمان کی شناخت محمد کاشف … 288/2025 بجرم دفعہ A-381 تھانہ حیدری، مقدمہ الزام نمبر 95/2025 بجرم دفعہ A-381 تھانہ نیو کراچی، مقدمہ الزام نمبر 597/2022 بجرم دفعہ A-381 تھانہ جوہر آباد، مقدمہ الزام نمبر 397/2022 بجرم دفعہ A-381 تھانہ نیو کراچی اور مقدمہ الزام نمبر 298/2025 بجرم دفعہ A-381 تھانہ حیدری شامل ہیں۔ مقدمہ الزام نمبر 90/2015 بجرم دفعات 353/324/34 تعزیراتِ و دفعہ 23(i)(A) سندھ آرمز ایکٹ تھانہ …

بقیہ روزنامہ تشکر 1

گورنر ہاؤس پشاور میں نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف کو فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ خصوصی اجلاس کے دوران خیبر پختونخوا کے امن کیلئے قربانیاں دینے والے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور اور بہادر لوگوں کا خوبصورت صوبہ ہے، یہ رحمان بابا اور خوشحال خان خٹک کا صوبہ ہے، آزادی کے وقت اس صوبے نے بڑی اکثریت سے پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اللہ سے دعا ہے کہ صوبے میں امن اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کرے۔ انہوں نے پشاور سکول کی چھت گرنے کے واقعہ میں ایک استانی اور بچوں کی المناک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے گورنر خیبر پختونخوا کو کہا تھا کہ وہ متاثرہ جگہ کا فوری دورہ کر کے اس سانحے کی مکمل تحقیقات کرائیں۔ وزیراعظم نے صوبہ کی صورتحال کا ذکر کہا کہ چند برسوں میں جو حالات پیدا کر دیئے گئے اس کی وجہ سے یہ صوبہ بہت متاثر ہے، چھ برسوں میں جو حالات پیدا کئے گئے اس کے بعد امن و امان کو بہت نقصان پہنچا، انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر افواج اور سیکورٹی اداروں نے بہت قربانیاں دے کر خیبر پختونخوا سمیت پاکستان میں دہشت گردی کا قلع قمع کر دیا تھا اور دو ہزار اٹھارہ تک اس صوبے میں مکمل امن قائم ہو گیا تھا، یہ امن سیکورٹی اداروں سمیت ہماری ماؤں، بہنوں اور بچوں کی قربانیوں کے نتیجے میں قائم ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار لوگ شہید ہوئے اور کئی سو ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے کئی سیاسی خاندانوں نے دہشت گردی کے خلاف بہت قربانیاں دیں، کئی گھر اجڑ گئے، عظیم قربانیوں کے نتیجے میں مکمل امن قائم ہوا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشت گردوں کو دوبارہ بلایا گیا اور تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا، جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے بچوں کے مستقبل کی خاطر ہماری سیکورٹی فورسز کے ہزاروں جوانوں نے اپنی جانیں قربان کیں، ان قربانیوں کا احساس اور احترام نہ کرنے سے بڑی ملک دشمنی کوئی اور نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں خیبر پختونخوا میں تعلیم، صحت، امن سمیت عوامی فلاح کے تمام امور نظر انداز کئے گئے، اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہوسکتی۔ اسی وجہ سے حالیہ چند برسوں میں دہشت گردی میں پھر اضافہ ہوا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

استعفیٰ 5 دن قبل دیا تھا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ فردوس شمیم نقوی 30 سال سے پی ٹی آئی سے وابستہ ہیں، ان کی پارٹی کے لیے بہت خدمات ہیں۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات کے دوران پارٹی کے ایڈیشنل سیکریٹری جنرل فردوس شمیم نقوی اپنے عہدے سے مستعفی ہوگئے۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ پارٹی قیادت کو بھجوا دیا، جبکہ پارلیمانی گروپ اور سیاسی کمیٹی کو بھی فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی جانب سے فردوس شمیم نقوی کو پارٹی سینیٹر مشعال یوسفزئی کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ یہ ہدایت پارٹی نظم وضبط اور سینئر قیادت سے متعلق بیانات کے معاملے پر دی گئی تھی۔ فردوس شمیم نقوی نے اپنے استعفے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے یہ فیصلہ کسی ناراضی یا اختلاف کی بنیاد پر نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے تاحال مشعال یوسفزئی کو شوکاز نوٹس جاری نہیں کیا۔ واضح رہے کہ بیرسٹر گوہر نے اس سے قبل کہا تھا کہ مشعال یوسفزئی کو پارٹی کی سینئر قیادت کے بارے میں بیانات دینے اور پارٹی اصولوں کی خلاف ورزی پر شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ان کے مطابق متعلقہ رہنما کو اس نوعیت کے رویے پر پہلے بھی تنبیہ کی جا چکی تھی۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ وہ ہمیشہ پارٹی کے اندر اختلاف رائے کو متعلقہ فورمز پر پیش کرنے کے حامی رہے ہیں، تاہم پارٹی نظم وضبط برقرار رکھنے کے لیے بعض معاملات میں کارروائی کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی میں اختلافات کی شدت اس وقت مزید نمایاں ہوئی جب پارٹی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے ایک بیان پر سیاسی حلقوں میں بحث شروع ہوگئی۔ سلمان اکرم راجہ نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں پارٹی کے اندرونی معاملات اور نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب سے متعلق مبینہ کوششوں پر تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ ادھر سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے حالیہ بیان کو افسوس ناک، غیر ذمہ دارانہ اور پارٹی کے داخلی اتحاد کیلئے نقصان دہ قرار دیدیا ہے۔ ایک بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ غیر جمہوری فیصلہ سازوں اور مبینہ گروپ کی سازش کا ذکر کرنے والے پہلے واضح کریں کہ وہ کون لوگ ہیں اور کن اراکین اسمبلی پر الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ بانی پی ٹی آئی اور سیاسی کمیٹی کی اجازت کے بغیر صوبائی صدر یا آئندہ وزیراعلیٰ کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں، اسی طرح اگر علی اصغر خان کو قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے تو اس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی پیش کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔ جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا، سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔ عدالت کے تحریری فیصلے کے مطابق سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کاؤنٹر یا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، ٹریبونل کو اپنے دائرہ اختیار کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے تھا، ٹریبونل خود کو ایگزیکٹو کے مقام پر فائز نہیں کر سکتا اور نہ ہی قواعد از سر نو بنانے کی ہدایت دے سکتا ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ملازم کو یکم جنوری 2021 کو جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر کے عہدے پر ترقی مل چکی تھی، ملازم نے 2014 کے قواعد کے تحت ترقی حاصل کی اور بعد میں انہی قواعد کو چیلنج کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے مزید بتایا کہ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے، دفاعی شعبے میں تعاون بڑھانے اور علاقائی امن وسلامتی کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

کشیدگی کے باعث خطے کے اہم ہوائی اڈوں اور شہری تنصیبات کی سکیورٹی پر توجہ بڑھ گئی ہے۔ یمن میں سعودی عرب کے حمایت یافتہ فوجی اتحاد نے جمعرات کو ریاض اور مدینہ کے علاقوں میں 5 ڈرونز تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب یمن کے حوثی گروہ (انصار اللہ) نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں وزارت دفاع کی عمارت، ینبع میں سعودی تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات اور دو بین الاقوامی ایئرپورٹس کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنانے کی تصدیق کی ہے۔ سعودی حمایت یافتہ فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے جمعرات کو بتایا کہ ریاض اور مدینہ منورہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے والے 4 ڈرونز کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا ہے۔ میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق جمعرات کی صبح سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں بھی 4 ڈرونز مار گرانے گئے تھے۔ سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے جمعرات کو دمام کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فضائی آپریشنز کی بحالی کا بھی اعلان کیا ہے۔ حکام کے مطابق بدھ کی شام کنگ فہد ایئرپورٹ پر حملے میں ایک سعودی اور بھارتی شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ سعودی حکام نے اس حملے میں 8 افراد کے زخمی ہونے کا بھی دعویٰ کیا تھا جس میں بھارت، یمن اور بنگلا دیش کے دو، دو جب کہ سعودی عرب اور نیپال کا ایک، ایک شہری شامل ہے۔ دوسری جانب یمن کے حوثیوں نے دعویٰ کیا کہ انھوں نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران سعودی عرب میں وزارت دفاع، تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات اور دو بین الاقوامی ہوائی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا کہ حملوں میں سعودی دارالحکومت ریاض میں وزارت دفاع کی عمارت، بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع شہر ینبع میں سعودی تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات، ابہا بین الاقوامی ہوائی اڈے اور دمام میں شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا۔ حوثی ترجمان نے مزید بتایا کہ یہ کارروائیاں گزشتہ دو روز کے دوران کی گئیں تاہم ان حملوں میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں، نقصانات اور اہداف کو پہنچنے والے نقصان کی تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آئیں۔ دوسری جانب سعودی حکام نے دمام میں شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے کے قریب ہونے والے واقعے کے حوالے سے دو افراد کی ہلاکت کی اطلاع دی ہے۔ تاہم دستیاب معلومات سے یہ واضح نہیں کہ ہلاکتیں حوثیوں کے دعویٰ کردہ حملوں میں سے کس کارروائی کے نتیجے میں ہوئیں۔ سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان کشیدگی ایک بار پھر بڑھ گئی ہے۔ حوثی ماضی میں بھی سعودی تنصیبات، اہم تنصیبات اور ہوائی اڈوں کو نشانہ بنانے کے دعوے کرتے رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

سرکاری تقریب کے دوران صحیح مسلم کی ایک حدیث عربی زبان میں بیان کی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا نے عمانی سلطان کا استقبال کیا، سلطان ہیثم بن طارق 3 روزہ سرکاری دورے پر برطانیہ میں ہیں، یہ 44 سال میں عمان کے کسی سلطان کا برطانیہ کا پہلا سرکاری دورہ ہے۔ منگل کی شب شاہی جوڑے نے ونڈسر کیسل میں سلطان کے اعزاز میں سرکاری ضیافت کا اہتمام کیا، جہاں برطانوی بادشاہ نے اہل عمان کی تعریف کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کی حدیث کا حوالہ دیا۔ شاہ چارلس نے جو حدیث عربی زبان میں پڑھی اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ اگر تم اہل عمان کے پاس جاتے تو نہ وہ تمہیں برا بھلا کہتے اور نہ تمہیں مارتے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

کی، یورپی یونین کے انسداد دہشتگردی کیلئے خصوصی ایلچی انا اسٹرز اسکا نے یورپی وفد کی قیادت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور یورپی یونین نے دہشتگردی کی تمام اقسام کی مذمت کی، یورپی یونین نے پاکستان میں حالیہ دہشتگرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں سے اظہار یکجہتی کیا۔ یورپی یونین کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا۔ پاکستان اور یورپی یونین نے افغانستان کی صورتحال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے خلاف عالمی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اگلا دور آئندہ سال برسلز میں ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کئے جا رہے ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہوں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب تو ان یوٹیوبرز کی عید تھی ہی لیکن آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسب معمول ان کی جیبیں بھر رہی ہیں، اس پوری جماعت کو انہی یوٹیوبرز نے برباد کر کے رکھ دیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

کی بحالی کے حوالے سے کوئی واضح اعلان نہیں کیا۔ جوائنٹ بیس اینڈریوز میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ سے سوال کیا گیا کہ کیا انہوں نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی کوششیں ترک کردی ہیں؟ اس پر امریکی صدر نے کہا کہ فی الحال ایران کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو رہے، لیکن معاملہ کسی نہ کسی صورت میں آگے بڑھے گا اور اس کا نتیجہ جلد سامنے آسکتا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ اس معاملے پر پیش رفت امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد ہوگی، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ آگے کیا ہوتا ہے، یہ دیکھنا باقی ہے۔ امریکی صدر نے ایران کے خلاف امریکی کارروائیوں کو غیر معمولی قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکا نے ایران کے معاملے میں حیران کن نتائج حاصل کیے ہیں۔ انہوں نے جاری جنگ کو ایک چھوٹا تنازع بھی قرار دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

اور عالمی صورتحال اور معاشی وتجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت یہ دورہ جرمنی کے صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے، گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا۔ رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔ اس حوالے سے جرمن صدر کی صدر مملکت کو جرمنی کے دورے کی خصوصی دعوت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ صدر مملکت دورہ جرمنی کے دوران ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ جرمنی کے صدر اور اعلیٰ جرمن حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔ صدر آصف زرداری کا دورہ پاکستان اور جرمنی کے مابین موجود دوطرفہ تاریخی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم سنگ میل ہوگا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ایئرپورٹ پر صدر مملکت کو الوداع کہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

کہا گیا کہ آپریشن کی قیادت ڈی ایس پی بانڈہ اور ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کر رہے تھے جبکہ بی ڈی یو، ڈرون ٹیم، ریسکیو 15 اور آر آر ایف کے اہلکار بھی کارروائی میں شریک تھے۔ مزید بتایا گیا کہ آپریشن کے دوران چرپیرا میں دہشت گرد کمانڈر قیصر اقبال کے گھر پر چھاپہ مارا گیا، جہاں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد مارے گئے جبکہ ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین خان، ایس آئی افضل اعوان ایس ایچ او تھانہ لتمبر، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کے گن مین کاظم اور بی ڈی یو اہلکار امجد بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوگئے۔ حکام نے بتایا کہ آپریشن تاحال جاری ہے، ایس پی آپریشنز، ضلع کے تمام ایس ایچ اوز اور متعلقہ پولیس افسران آپریشن میں سرگرم عمل ہیں جبکہ پولیس کی جانب سے علاقے میں کارروائی جاری رکھتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب بلوچستان کے علاقے گوادر میں فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں نے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش کو ناکام بنا دیا گیا اور جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے گوادر میں واقع تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنۃ الہندوستان کے حملے کو ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا تھا کہ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا اور مزید 3 دہشت گردوں کو گھیرے میں لے رکھا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ ایک اور حملے کی کوشش میں گوادر شاہراہ کے قریب واقعہ ہوٹل میں موجود دہشت گردوں کے خلاف بھی آپریشن جاری ہے جہاں 4 دہشت گرد فورسز کے گھیرے میں ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گوادر جی او سی خود آپریشن کو لیڈ کررہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

موجودہ صورت حال پر پریس کانفرنس کی۔ جس میں گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اپوزیشن رہنماؤں کی تقاریر کا ریکارڈ محفوظ آئینی تقاضہ ہے اور یہ ہونا چاہیے تاکہ پاکستان کے عوام فیصلہ کریں کہ ان کے نمائندے کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی تقاریر قوموں کی تاریخ محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہوتی ہیں، پارلیمنٹ میں جو باتیں ہمارا حق ہیں، ان کے لیے بھی ہمیں لڑنا پڑتا ہے، اسپیکر کا اختیار قوانین کی کتاب کے مطابق ہونا چاہیے، قومی اسمبلی میں بعض ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری ہوتے ہیں، بعض کے نہیں ہوتے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ میں نے کل کی تقریر میں کوئی غلط بات نہیں کی مگر میری ساڑھے چار منٹ کی تقریر کو نومنٹ میں پیش کیا گیا جبکہ اس تقریر میں ایک لفظ بھی ملک کے خلاف نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ فرانس میں لاکھوں لوگ سڑکوں پر نکلے، سینکڑوں گاڑیوں کو آگ لگائی گئی، ایفل ٹاور کو نذر آتش کیا گیا مگر مظاہرین پر گولیاں نہیں چلائی گئیں۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر اب کون بھروسہ کرے گا، ہم نے سیاسی مذاکرات کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا گیا تھا جبکہ ہماری سنجیدگی ہی تھی جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملاقات کے لیے گئے تھے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت واضح کیا ہے کہ مذاکرات کے لیے وزیراعظم خود دعوت دیں، اب مذاق اڑانے کے انداز میں مذاکرات نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت میں کرپشن کے الزامات کی تحقیقات کے لیے خواجہ آصف کی سربراہی میں کرپشن کی تحقیقات کے لیے کمیٹی بنائی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

جبری ڈیوٹی پر مجبور کیا گیا ہے، نیتن یاہو کی حکومت اسرائیلی معاشرے کو تقسیم کر رہی ہے۔ اداریے میں کہا گیا ہے کہ قدامت پسند یہودیوں کو فوج میں بھرتی سے استثنیٰ مل رہا ہے۔ دوسری جانب امریکی رکن کانگریس جیمی راسکن نے مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی کسانوں کی زیتون کی فصل کی کٹائی میں مدد کرنے والے درجنوں امریکی شہریوں کو اسرائیلی فورسز کی جانب سے حراست میں لیے جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں جیمی راسکن نے کہا ہے کہ زیر حراست افراد میں ڈیموکریٹک جماعت کے امیدوار بریڈ لینڈر، متان برنر کاڈش اور کم از کم 31 دیگر امریکی شہری بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب اسرائیلی فوج فلسطینیوں کی زیتون کی فصل کی کٹائی میں مدد کرنے والے رضا کاروں کو بھی نشانہ بنا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

سے بچنے کے لیے خبردار کر دیا۔ ایچ ایس وائے نے اپنے سماجی رابطے کے کھاتے پر جاری بیان میں انکشاف کیا کہ 20 اکتوبر کو ان کا موبائل فون، واٹس ایپ، برقی ڈاک اور رابطہ نمبروں کی فہرست ہیکرز کی دسترس میں آ گئی تھی۔ واقعے کے بعد ان کے نام سے بڑی تعداد میں لوگوں کو پیغامات بھیجے گئے۔ فیشن ڈیزائنر کے مطابق انہیں تاحال معلوم نہیں کہ ان کے کھاتوں سے کتنے اور کس نوعیت کے پیغامات بھیجے گئے ہیں، تاہم سیکڑوں افراد کو ان کے نام سے پیغامات موصول ہو چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے مداحوں، دوستوں اور عام شہریوں پر زور دیا کہ اگر انہیں ان کے نام سے کوئی مشکوک یا غیر معمولی پیغام موصول ہو تو اس کا جواب نہ دیں اور نہ ہی کسی کو رقم یا ذاتی معلومات فراہم کریں۔ ایچ ایس وائے نے خبردار کیا کہ کسی بھی مشکوک برقی ربط یا فائل کو کھولنے سے گریز کیا جائے اور کسی ہدایت پر عمل کرنے سے پہلے ان کے قابلِ اعتماد فون نمبر پر براہ راست تصدیق ضروری کی جائے۔ اپنی خیریت سے متعلق انہوں نے بتایا کہ وہ بالکل ٹھیک ہیں اور ان کی ٹیم متاثرہ کھاتوں کو دوبارہ محفوظ بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے اس واقعے کے باعث اپنے چاہنے والوں کو پیش آنے والی پریشانی اور الجھن پر معذرت بھی کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

مقابلوں کے دوران 4 مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق ملیر میں عمار یاسر ٹاور کے قریب 60 فٹ روڈ پر مبینہ پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ہوئے۔ جن کی شناخت تنویر اور زورین کے نام سے ہوئی۔ دونوں کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق سرسید پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر 3/C-11 میں مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جس کی شناخت عمران کے نام سے ہوئی۔ ملزم کو عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ دوسری جانب سکھن پولیس نے بھینس کالونی میں مکی شاہ درگاہ کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کیا۔ ایدھی حکام کے مطابق 25 سالہ ملزم کی شناخت کامران کے نام سے ہوئی جسے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے واقعے کو پرانی تکرار کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت اللہ بچایو ملانی کے نام سے ہوئی جس کی لاش سول اسپتال منتقل کر دی گئی۔ فائرنگ میں ملوث ملزم آصف واردات کے بعد فرار ہوگیا۔ ملزم کی بیوی اور بیٹی کو حراست میں لیے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، تاہم پولیس نے اس کی تصدیق سے انکار کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

تاکہ اسپتالوں، جامعات اور دیگر سماجی شعبوں کو ترقی دی جاسکے۔ یہ بھی سوچنا ہوگا کہ موجودہ نظام سے بہتری آئی ہے یا مسائل میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ جامعہ کراچی کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے زیر اہتمام کیریئر کنیکٹ 2026 کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ صوبائی وزرائے اعلیٰ کو 8 ہزار 884 ارب روپے دیے گئے، جبکہ مجموعی طور پر 22 ہزار ارب روپے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وسائل عوامی فلاح اور سماجی شعبوں کی ترقی پر خرچ ہونے چاہییں، لیکن موجودہ صورتِ حال میں سنجیدگی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ ملک کو بچانے کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سیکیورٹی چیلنجز اور خراب طرزِ حکمرانی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ بجلی، پانی اور سڑکوں جیسی بنیادی سہولتوں کی عدم فراہمی عوام میں مایوسی پیدا کرتی ہے۔ ان کے مطابق ناقص حکمرانی کے نتیجے میں شہریوں میں بددلی بڑھتی ہے، جبکہ کراچی کی شہری ترقی اور درجہ بندی میں تنزلی بھی توجہ طلب ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے جامعہ کراچی کو شہر کا اہم تعلیمی ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جامعہ ہماری ماں کی حیثیت رکھتی ہے اور یہاں کے طلبہ کو درست سمت فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے نئے وائس چانسلر کی جانب سے مختصر عرصے میں جامعہ کے مسائل کی نشاندہی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب عملی تبدیلی لانے کا وقت ہے۔ ان کے بقول کراچی شہر اور جامعہ کراچی کے مسائل میں کئی پہلوؤں سے مماثلت پائی جاتی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے اعلان کیا کہ اگر جامعہ کراچی نرسنگ کالج قائم کرنا چاہتی ہے تو وہ نرسنگ کونسل کا اجلاس فوری بلانے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں نرسوں کی شدید کمی ہے، جبکہ بیرونِ ملک روزگار کے لیے جانے والی نرسوں کی تعداد بھی قابلِ توجہ ہے۔ ان کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 25 لاکھ اور پاکستان میں 9 لاکھ نرسوں کی ضرورت ہے۔ آبادی میں اضافے کے حوالے سے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال بڑی تعداد میں بچے پیدا ہو رہے ہیں، جس سے تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولتوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ ان کے مطابق ہر سال تقریباً 67 لاکھ بچوں کی پیدائش وسائل کی دستیابی اور عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے اہم چیلنج ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

ئی ہے۔ سعودی عرب جانے والوں کے لیے ویکسینیشن کی شرط پر عمل درآمد کے حوالے سے سرکلر جاری کر دیا گیا ہے اور نئی ہدایات کے تحت کراچی ایئرپورٹ پر متعلقہ مسافروں کے لیے لازمی ویکسینیشن اور اس کی تصدیق پر عمل درآمد 20 نومبر 2026 کو صبح 10 بجے سے شروع ہوگی۔ سرکلر کے مطابق سعودی عرب جانے والے متعلقہ مسافروں کے لیے گردن توڑ بخار (مینینجائٹس)، انفلوئنزا اور پولیو کی ویکسینیشن لازمی قرار دی گئی ہے، مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سفر سے کم از کم 10 روز قبل مطلوبہ ویکسینیشن مکمل کرائیں اور مقررہ ضوابط کے مطابق ویکسینیشن کارڈ اپنے ہمراہ رکھیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل لازمی ویکسینیشن اور ویکسینیشن کارڈ کے بغیر سفر پر پابندی کے لیے 15 اکتوبر کی تاریخ مقرر کی گئی تھی، تاہم اب اس مدت میں ایک ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے۔ کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی سہولت کے لیے سرکاری ڈسپنسری میں 24 گھنٹے ویکسینیشن کی سہولت فراہم کی جا رہی تھی جہاں مسافر اپنی پرواز سے قبل مطلوبہ ویکسین لگوا سکتے ہیں، دور دراز علاقوں سے آنے والے زائرین اور دیگر متعلقہ مسافروں کی سہولت کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کراچی ایئرپورٹ کے ڈپارچر لاؤنج میں بھی ویکسینیشن کی سہولت فراہم کی گئی تھی۔ حکام کے مطابق نئی تاریخ کے تحت لازمی ویکسینیشن کی شرط پر مکمل درآمد شروع ہونے سے قبل مسافروں کو مطلوبہ ویکسینیشن مکمل کرانے اور سفری دستاویزات کی تصدیق یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ ایئرپورٹ پر کسی قسم کی پریشانی یا تاخیر سے بچا جاسکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

جمعیت طلبہ کی کوششوں سے بحال کی گئی آٹھ پوائنٹس بسوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ عوام ایک لیٹر پیٹرول پر تقریباً 135 سے 140 روپے تک ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔ پیٹرول پر 80 روپے فی لیٹر لیوی، پانچ روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی اور 21 روپے کسٹمز ڈیوٹی سمیت مختلف ٹیکس عائد ہیں، جن میں کمی سے عوام کو نمایاں ریلیف دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول پر عائد 80 روپے فی لیٹر لیوی کا پیٹرول کی بنیادی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، اسے جگا ٹیکس اور بھتہ ٹیکس بھی کہا جاسکتا ہے۔ وزیراعظم پیٹرول پر عائد لیوی ختم کریں تاکہ عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے میں مدد مل سکے۔ ان کے مطابق ٹیکسوں میں کمی اور عالمی منڈی میں قیمتوں میں بہتری سے پیٹرول کی قیمت 200 روپے فی لیٹر تک آسکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے جامعہ کراچی کے طلبہ وطالبات کو درپیش سفری مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کی مناسب سہولتیں نہ ہونے کے باعث طلبہ موٹر سائیکل استعمال کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ یونیورسٹی روڈ کھدائی کے باعث تباہ حال ہے اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مسلسل نئی تاریخیں دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن اور لوٹ مار کے نظام نے کراچی کے شہریوں کے حقوق متاثر کیے ہیں۔ پاکستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، لیکن انہیں آگے بڑھنے کے مناسب مواقع نہیں مل رہے، جس کے باعث نوجوان بیرون ملک جانے پر مجبور ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے طلبہ یونین کی بحالی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو ہر سال اپنے نمائندے منتخب کرنے کا حق ملنا چاہیے۔ کلاس، شعبے اور فیکلٹی کی سطح پر انتخابات کے ذریعے طلبہ کی نمائندگی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

مطابق واقعے میں تمام بچے محفوظ رہے اور کوئی بچہ اغوا نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ دو روز قبل اس وقت پیش آیا جب ٹیوشن سے واپس آنے والے بچوں کے قریب ایک مشتبہ گاڑی آ کر رکی۔ گاڑی سے اترنے والا ایک شخص تیزی سے بچوں کی جانب بڑھا تو بچے خوف زدہ ہو کر بھاگے اور سوسائٹی کے دروازے سے اندر داخل ہوگئے۔ فوٹیج میں مبینہ طور پر دیکھا جاسکتا ہے کہ بچوں کے بھاگنے پر مشتبہ شخص واپس گاڑی کی جانب دوڑا اور اس میں سوار ہو کر فرار ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق متاثرہ بچے مدرسے کے چوکیدار کے ہیں اور ان کی کسی سے دشمنی کی اطلاع نہیں ملی۔ واقعے کے بعد متاثرہ خاندان نے گلشن اقبال تھانے میں درخواست جمع کرائی، جس پر مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے مشتبہ شخص اور گاڑی سے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما وسیم اختر کی پریس کانفرنس پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم جب سیاسی مشکلات اور تنہائی کا شکار ہوتی ہے تو لسانی سیاست اور تقسیم کے بیانیے کو ہوا دینا شروع کر دیتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سندھ کی وحدت ناقابل تقسیم ہے اور صوبے کی تقسیم سے متعلق کسی بھی کوشش پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں سعدیہ جاوید نے کہا کہ سیاسی ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے لسانی نفرت اور تعصب کو فروغ دینا ایک پرانا سیاسی طریقہ ہے۔ ان کے مطابق سندھ کی تقسیم کے مطالبات اٹھانے والوں کو عوام کے سامنے اپنے سیاسی مؤقف کی وضاحت کرنا ہوگی۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان خود بھی دھڑے بندیوں اور اندرونی اختلافات کا سامنا کرتی رہی ہے، اس لیے اسے سندھ کی وحدت کے حوالے سے بیانات دینے کے بجائے اپنے سیاسی کردار اور ماضی کا جائزہ لینا چاہیے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ وفاق اور سندھ کے درمیان محاذ آرائی یا لسانی کشیدگی پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کا سیاسی جواب دیا جائے گا۔ سعدیہ جاوید نے وسیم اختر کی جانب سے میرٹ اور سرکاری اداروں کی کارکردگی پر اٹھائے گئے سوالات کے جواب میں کہا کہ میرٹ کی بات کرنے والوں کو کراچی میں ماضی کے دوران پیش آنے والے بوری بند لاشوں، بھتہ خوری، چائنا کٹنگ اور زمینوں پر قبضوں جیسے واقعات سے متعلق بھی اپنا مؤقف واضح کرنا چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

کارروائی کے دوران گرفتار ملزم کی شناخت قاسم عرف قاسو ولد عبدالحق کے نام سے ہوئی۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ایسٹ زبیر نذیر شیخ کے مطابق ملزم مبینہ طور پر طویل عرصے سے شہر کے مختلف علاقوں میں منشیات کا نیٹ ورک چلا رہا تھا۔ ایس ایس پی کے مطابق گرفتار ملزم ماضی میں بھی ماڈل کالونی، ملیر سٹی اور اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ کے تھانوں میں درج مقدمات میں گرفتار ہو چکا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے، جبکہ اس کے مبینہ نیٹ ورک سے وابستہ دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

پولیس نے اس کی گرفتاری کے لیے تلاش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق خاتون کی شناخت ماہ نور کے نام سے ہوئی ہے، جن کی چند روز قبل ہی اپنے شوہر سے طلاق ہوئی تھی۔ مقتولہ کے اہل خانہ نے الزام عائد کیا ہے کہ سابق شوہر ظفر زبردستی گھر میں داخل ہوا اور ماہ نور کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگئیں۔ واقعے کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی اور خاتون کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

پولیس کے مطابق حادثہ بدھ کی شام مغرب کے وقت موچکو کے علاقے میں پیش آیا، جہاں ایک نامعلوم گاڑی نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر مار دی تھی۔ حادثے کے نتیجے میں دونوں افراد شدید زخمی ہوگئے تھے، جنہیں طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ دونوں زخمی بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب دورانِ علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے۔ جاں بحق افراد کی شناخت 35 سالہ علی اصغر ولد نور محمد اور 42 سالہ آفتاب ولد محی الدین کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

ہوئے درخواست گزار کے خلاف آئندہ سماعت تک کارروائی نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر جہانگیر کلہوڑو نے مؤقف اختیار کیا کہ ایم پی اے جہانگیر موسیٰ کے بھائی سائبر جرائم کے ادارے میں سب انسپکٹر تعینات ہیں۔ ان کے مطابق سیاسی مخالفت کی بنیاد پر درخواست گزار کو تین مرتبہ معطل کروایا جا چکا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے مزید مؤقف اختیار کیا کہ جب درخواست گزار نے سماجی ذرائع ابلاغ پر اپنی بے گناہی سے متعلق حقائق بیان کیے تو متعلقہ ادارے کی جانب سے اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ عدالت نے درخواست گزار کے خلاف آئندہ سماعت تک کارروائی نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے وفاقی وزارت داخلہ، وفاقی تحقیقاتی ادارے اور دیگر فریقین سے 11 نومبر کو جواب طلب کرلیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

حکام کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کر دیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق زخمیوں کی شناخت 35 سالہ راجیش اور 30 سالہ فیصل کے ناموں سے ہوئی ہے۔ واقعے کی مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

اضافے، افراط زر کے خدشات اور شرح سود طویل عرصے تک بلند رہنے کے امکانات نے سونے کی قیمت پر دباؤ بڑھا دیا ہے۔ عالمی خبر رساں اداروں کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق جمعرات کو ایشیائی کاروباری سرگرمیوں کے دوران سونے کی عالمی قیمت 3.1 فیصد کمی کے بعد 4 ہزار 85.29 ڈالر فی اونس ہوگئی، جبکہ دسمبر میں فراہمی کے لیے امریکی سونے کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 1.2 فیصد گر کر 4 ہزار 100.90 ڈالر فی اونس ریکارڈ کی گئی۔ مارکیٹ کے تجزیہ کاروں کے مطابق خام تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے عالمی سطح پر مہنگائی میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ اگر توانائی کی قیمتیں بلند رہتی ہیں تو مرکزی بینک شرح سود میں کمی کے بجائے اسے طویل عرصے تک بلند سطح پر برقرار رکھ سکتے ہیں، جس سے سونے میں سرمایہ کاری کی کشش متاثر ہوتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

دے دی۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں انگلینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹوں کے نقصان پر 429 رنز بنائے، کپتان ہیری بروک کی ڈبل سنچری بھی انگلینڈ کو شکست سے نہ بچاسکی اور سری لنکا نے ہدف 49.5 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کرکٹ لیں انگلینڈ کے کپتان ہیری بروک نے 116 گیندوں پر 21 چوکوں اور 10 چھکوں کی مدد سے 202 رنز کی ناقابل یقین اننگز کھیلی۔ یہ ون ڈے کرکٹ میں انگلینڈ کی جانب سے پہلی ڈبل سنچری ہے۔ جو روٹ نے 69، ول جیکس نے ناقابل شکست 66 اور ٹام بینٹن نے 50 رنز بنائے۔ بروک اور روٹ نے تیسری وکٹ پر 159 رنز، جبکہ بروک اور جیکس نے چوتھی وکٹ پر 185 رنز کی شراکت قائم کی۔ سری لنکا کی جانب سے دونتھ ویلالگے نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ 430 رنز کے ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کے پون رتنائیکے نے 130 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ اویشکا فرنینڈو 97 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ڈاسن شاناکا نے بھی 50 گیندوں پر 97 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ جینتھ لیانگے 61 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے اور اسیتھا فرنینڈو ایک رن کے ساتھ ناٹ آؤٹ پویلین لوٹے۔ انگلینڈ کی جانب سے جوش ٹونگ نے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ سیم کرن نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جیمی اوورٹن اور لیام ڈاسن نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان نے 2023 میں نیوزی لینڈ کے خلاف 337 رنز بنائے تھے، تاہم انگلینڈ کا 429 رنز کا مجموعہ اس ریکارڈ سے کہیں آگے نکل گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

ایران کے ساتھ تجارت کا نظام اچانک معطل ہونے سے ایل پی جی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے، جس کے باعث مارکیٹ میں قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ محمد علی حیدر کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں ایل پی جی کی قیمت میں 80 روپے فی کلو اضافہ ہوا ہے جب کہ کراچی میں ایل پی جی 530 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے جب کہ زمینی حقائق کے مطابق ایل پی جی کی قیمت 370 روپے فی کلو مقرر کرنے پر اتفاق ہوا تھا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایران سے ایل پی جی کی سپلائی مزید دو سے تین روز تک بند رہی تو قیمت میں 50 سے 100 روپے فی کلو مزید اضافہ ہوسکتا ہے جب کہ سپلائی کی بندش برقرار رہنے کی صورت میں قیمت 150 سے 200 روپے فی کلو تک بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے رہنما نے کہا کہ پاکستان میں روزانہ ساڑھے 4 ہزار سے 5 ہزار ٹن ایل پی جی کی سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پاکستان کی درآمدی ایل پی جی کا تقریباً 70 فیصد انحصار بیرونی سپلائی پر ہے جب کہ درآمدی ایل پی جی کی 80 فیصد سپلائی سرحدی تجارت کے ذریعے آتی ہے۔ محمد علی حیدر نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سرحد پر موجود ایل پی جی کی کھیپوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جائے تاکہ سپلائی کی صورتحال بہتر ہوسکے۔ ادھر پاکستان میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا جس سے قیمت 750 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور کیا جا رہا ہے جس کے سبب سلنڈر 10 ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ ہے جب کہ اس کا مقصد سردیوں میں گیس نرخ بڑھنے اور ذخیرہ اندوزی روکنا ہے ادھر شمالی علاقوں میں ایل پی جی 750 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، درآمد کنندگان نے موجودہ فارمولے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے اور ماہانہ کے بجائے ہفتہ وار یا روزانہ قیمتیں مقرر کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ مزید برآں حکومت مائع پیٹرولیم گیس کی قیمتیں مقرر کرنے کے لیے موجودہ ماہانہ نظام کی جگہ روزانہ قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار متعارف کرانے پر غور کر رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

کے بعد مبینہ طور پر 28 لاکھ روپے مالیت کا سامان لے کر فرار ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق واردات 17 اکتوبر کی رات پیش آئی، جب ایک شخص دکان پر آیا اور کچھ دیر وہاں موجود رہا۔ اس دوران اس نے دکان بند ہونے سے چند لمحے قبل خاموشی سے تالے تبدیل کر دیے۔ دکاندار معمول کے مطابق دکان بند کر کے چلا گیا تو ملزم تبدیل کیے گئے تالوں کی مدد سے شٹر کھول کر اندر داخل ہوا اور مبینہ طور پر لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر کے فرار ہوگیا۔ تاجر رہنما رضوان عرفان کے مطابق ملزم نے دکان بند ہونے کے بعد صرف پانچ منٹ میں واردات مکمل کی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ واردات میں ملوث ملزم کی شناخت اور گرفتاری کے لیے شواہد کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

درجہ بندی کے لیے نئے پاکستان کسٹمز ٹیرف کوڈز شامل کیے گئے ہیں۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کسٹمز نوٹیفکیشن ایس آر او 693(I)/2006 میں ترمیم کرتے ہوئے ایس آر او 1898(I)/2026 کے ذریعے نئے کوڈز متعارف کرائے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے کسٹمز کوڈ 4011.2090، جبکہ دیگر ٹائروں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے کسٹمز کوڈ 8714.1090 شامل کیا گیا ہے۔ اس میں نمبر پلیٹ، بریکٹ، اطراف میں نصب عکاس پلیٹیں، دائیں اور بائیں جانب کی پلیٹیں، اگلے حصے کے آرائشی جوڑ، پاؤں رکھنے کی پلیٹ، پہیے کی مکمل ساخت اور سامنے کی شیشہ نما حفاظتی اسکرین کے پرزہ جات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سیٹ باکس، اوزار رکھنے کا ڈبہ اور درمیان میں نصب کور بھی مذکورہ کسٹمز کوڈ کے دائرے میں شامل ہوں گے۔ حکومت نے یہ ترمیم کسٹمز ایکٹ 1969 کی دفعہ 18(5) کے تحت کی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

منعقد ہونے والی سندھ ویژن کانفرنس کے تمام انتظامی امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں ملک بھر کے معروف صحافیوں، سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات کی شرکت متوقع ہے، جبکہ اس موقع پر سندھ حکومت کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جائے گی۔ یہ ہدایات انہوں نے اپنی زیر صدارت محکمہ اطلاعات کے اہم اجلاس میں دیں، جس میں سکھر میں سندھ ویژن کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صحافیوں اور صحافتی اداروں کو درپیش مسائل کے حل، شعبہ اطلاعات سے متعلق دیگر اہم امور اور صحافتی شعبے کی بہتری کیلئے حکومتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ ویژن کانفرنس کے انتظامات کو مربوط اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے، تاکہ کانفرنس کے ذریعے سندھ حکومت کے منصوبوں اور ترقیاتی اقدامات کو اجاگر کیا جاسکے اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کو صوبے کی ترقی کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ صحافت کے فروغ، آزادی اظہار کے تحفظ اور صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صحافی معاشرے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور صحافیوں وصحافتی اداروں کے مسائل کا حل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سینئر وزیر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صحافیوں اور میڈیا اداروں سے متعلق معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھا جائے اور انہیں درپیش مسائل کے حل کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ محمد یوسف کابورو، ڈپٹی ڈائریکٹر سارنگ لطیف چانڈیو اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صحافتی شعبے کی بہتری، میڈیا سے متعلق معاملات اور صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے حکومتی اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔ شرجیل انعام میمن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت سندھ صحافت کے فروغ اور صحافتی اداروں سے متعلق امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دینے جبکہ پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف انکوائری کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ اسمبلی میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے بتایا ہے کہ میر رضا کیس کی تفصیلی سات والیمز پر مشتمل رپورٹ سندھ حکومت کو موصول ہو چکی ہے، جس پر سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے میٹنگ کر کے وزیراعلیٰ کو بریفنگ دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی کمیشن وزیراعلیٰ کے احکامات پر بنایا گیا تھا اور اس کمیشن کو سندھ حکومت نے اہم ذمہ داری دی تھی، جبکہ جسٹس عمر سیال ایک بہترین اور سینئر جج ہیں۔ وزیر داخلہ کے مطابق کمیشن کی سفارشات کے بعد سندھ حکومت نے بھی اپنی سفارشات تیار کرلی ہیں۔ متاثرہ خاندان نے جے آئی ٹی کے لیے آئینی عدالت سے رجوع کیا تھا لیکن ان کی درخواست مسترد ہو چکی تھی، تاہم ہم کمیشن کے فیصلے کے بعد دو رائے نہیں رکھتے اور متاثرہ خاندان بھی جے آئی ٹی پر آمادہ ہے۔ وزیر داخلہ کا مزید کہنا تھا کہ کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے ڈرافٹ تیار کرلیا ہے جو وزیراعلیٰ کو پیش کیا جائے گا اور وزیراعلیٰ کی منظوری کے بعد جے آئی ٹی تشکیل دے کر ایف آئی اے کو خط لکھ دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ کیس کی تفتیش کے حوالے سے پولیس افسران کے خلاف انکوائری کرنے کے لیے ذوالفقار لاڑک کی سربراہی میں کمیٹی بنائی جائے گی۔ ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ جے آئی ٹی کے حوالے سے میں وزیراعلیٰ کو سفارشات بھیجوں گا کہ جے آئی ٹی تفتیش مکمل کر کے چالان پیش کرے اور میں نے جسٹس عمر سیال سے بھی کہا تھا کہ ہم اس معاملے میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

سابق ایس ایس پی ملیر راؤ انوار اور دیگر ملزمان کی بریت کے خلاف دائر اپیلوں کی سماعت ہوئی، تاہم اپیل کنندہ کے وکیل کی عدم حاضری کے باعث عدالت نے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ یہ اپیلیں مقتول نقیب اللہ کے بھائی عالم شیر کی جانب سے دائر کی گئی تھیں، جن میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے اہم شواہد کو نظر انداز کرتے ہوئے راؤ انوار سمیت دیگر ملزمان کو بری کیا۔ اپیلوں میں استدعا کی گئی ہے کہ انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔ واضح رہے کہ انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے 2023 میں شواہد کی عدم دستیابی کی بنیاد پر راؤ انوار سمیت 18 ملزمان کو بری کر دیا تھا۔ اس فیصلے کے خلاف دائر اپیلوں پر سندھ ہائی کورٹ میں قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

کرتے ہوئے 10 کارروائیوں کے دوران 8 ملزمان کو گرفتار کیا اور 1 کروڑ 53 لاکھ روپے مالیت کی 46.59 کلوگرام منشیات برآمد کی۔ تعلیمی اداروں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران جنڈ ڈسٹرکٹ اٹک میں سکول کے قریب گاڑی سے 250 گرام چرس برآمد ہوئی اور ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے پیٹ سے 162 گرام وزنی 2 کوکین اور 120 گرام وزنی 2 ایکسٹیسی بھرے کیپسولز برآمد ہوئے۔ کراچی ایئرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے مسافر کے بیگ میں موجود جوتوں اور شیمپو کی بوتلوں سے 1.4 کلو آئس برآمد ہوئی اور ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ چکلالہ گیریژن راولپنڈی کوریئر آفس میں برطانیہ سے آنے والے پارسل سے 42 گرام وزنی 75 ایکسٹیسی گولیاں برآمد ہوئیں، جبکہ جی پی او لاہور میں یوکے جانے والے پارسل میں موجود کپڑوں میں چھپائی 1.32 کلو ہیروئن برآمد ہوئی۔ نیشنل ہائی وے حیدرآباد پر مال کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 5 کلو چرس برآمد ہوئی۔ برکت مارکیٹ لاہور کے قریب گاڑی سے 3.3 کلوگرام آئس برآمد ہوئی اور 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ جی ٹی روڈ پشاور کے قریب ملزم کے قبضے سے 3 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ فقیر کالونی گوادر کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 2 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی، جبکہ دالبندین ڈسٹرکٹ چاغی کے قریب 30 کلوگرام افیون برآمد کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

انسان ہی انسان کو کاٹنے لگے ایسا ہی ایک حیرت انگیز واقعہ سانگھڑ میں پیش آیا جہاں ایک شخص نے مبینہ طور پر 4 افراد کو دانتوں سے کاٹ کر زخمی کر دیا اور فرار ہوگیا واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق یہ انوکھا واقعہ سانگھڑ شہر میں ایک نجی بینک کے سامنے پیش آیا جہاں کھڑے افراد پر اچانک ایک شخص نے حملہ کر دیا اور انہیں دانتوں سے کاٹ کر زخمی کرنے کے بعد موقع سے فرار ہوگیا۔ زخمیوں کی شناخت سانول یونس اور یاسین انور کے نام سے ہوئی ہے جبکہ دو زخمیوں کی شناخت تاحال سامنے نہیں آسکی۔ متاثرہ افراد کے مطابق وہ بینک کے سامنے کھڑے تھے کہ اچانک ایک شخص آیا اور انہیں کاٹ کر بھاگ گیا۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر لی گئی ہے جبکہ اس حیران کن واقعے نے شہریوں کو بھی حیرت میں ڈال دیا ہے۔ ایک طرف شہر میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث ہیں تو دوسری جانب انسان کے انسان کو دانتوں سے کاٹنے کے اس واقعے نے شہر بھر میں نئی بحث چھیڑ دی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

جس سے ساحلی علاقوں اور آبی ذخائر کی رونقیں بڑھ گئی ہیں۔ خوبصورت پرندوں کی چہچہاہٹ اور آسمان پر ان کی دلکش اڑان نے قدرتی مناظر کو مزید حسین بنا دیا، جبکہ شہری بھی ان خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہونے لگے ہیں۔ سردیوں کی آمد سے قبل سائبیریا اور دیگر سرد علاقوں سے آنے والے یہ پرندے شدید سردی سے بچنے اور خوراک کی تلاش میں ہزاروں کلومیٹر کا سفر طے کر کے پاکستان پہنچتے ہیں۔ کراچی میں سی ویو، ہاکس بے اور رشین بیچ سمیت سندھ کی مختلف جھیلیں اور آبی ذخائر ان مہمان پرندوں کی عارضی قیام گاہ بنتے ہیں، جہاں انہیں خوراک اور سازگار ماحول میسر آتا ہے۔ موسمی ہجرت کے دوران مرغابیوں، کونجوں اور دیگر آبی پرندوں کی مختلف اقسام سندھ کا رخ کرتی ہیں۔ کینجھر جھیل، ہالیجی جھیل اور اڈیرو جھیل سمیت صوبے کے دیگر آبی ذخائر بھی ان پرندوں کے لیے اہم مسکن کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان مقامات پر پرندوں کی آمد سے قدرتی ماحول میں رونق بڑھ جاتی ہے اور پرندوں کو اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے مناسب خوراک میسر آتی ہے۔ سائبیریا کے برفیلے علاقوں سے آنے والے ان مہمانوں میں کونج، لال تنج اور دیگر آبی پرندوں سمیت مختلف اقسام شامل ہوتی ہیں۔ ان میں بعض نایاب پرندے بھی پائے جاتے ہیں، جو ہر سال سردیوں کے موسم میں گرم علاقوں کا رخ کرتے ہیں اور چند ماہ قیام کے بعد اپنے آبائی علاقوں میں واپس چلے جاتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

عدالت میں منشیات برآمدگی کے تین مقدمات میں ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے ملزمہ کو بذریعہ برقی رابطہ عدالت میں پیش کیا، جہاں تفتیشی افسر سمیت تین گواہوں کے بیانات قلمبند کر لیے گئے۔ تفتیشی افسر نے اپنے بیان میں مؤقف اختیار کیا کہ ملزم سمیر کو بطور ترسیل کار منشیات پہنچاتے ہوئے گرفتار کیا گیا تھا، جس نے دوران تفتیش انمول پنکی کے مبینہ نیٹ ورک کی نشاندہی کی۔ تفتیشی افسر کے مطابق ملزمہ ان مقدمات میں مفرور تھی اور رواں سال ایک دوسرے مقدمے میں گرفتار ہوئی۔ دورانِ سماعت وکیل صفائی نے گواہوں کے بیانات پر جرح کے لیے مہلت طلب کی، جبکہ ملزمہ پنکی کی جانب سے دو مقدمات میں بریت کی درخواستیں بھی دائر کر دی گئیں۔ درخواستوں میں استدعا کی گئی ہے کہ ملزمہ کو متعلقہ مقدمات سے بری کیا جائے۔ پولیس کے مطابق ملزمہ کے خلاف منشیات برآمدگی کے یہ مقدمات 2021 میں تھانہ درخشاں میں درج کیے گئے تھے۔ عدالت نے مقدمات کی مزید سماعت 31 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

میں ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان آبزرور کے چیف ڈیجیٹل آفیسر سعود فیصل ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، بالخصوص مسئلہ کشمیر اور اس دیرینہ تنازع کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے میں ذرائع ابلاغ کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے آغاز پر فیصل زاہد ملک نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو صدر آزاد جموں وکشمیر کا منصب سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر برطانیہ میں یوکے پاکستان چیمبر اور برکشائر گروپ آف کمپنیز کے صدر اور یونیورسل کیئر فاؤنڈیشن کے بانی و چیف ایگزیکٹو سردار حیات بھی موجود تھے۔ صدر آزاد جموں وکشمیر نے مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے پاکستان آبزرور کے مستقل اور اصولی کردار کو سراہا۔ انہوں نے خصوصی طور پر اس امر کو قابل تحسین قرار دیا کہ پاکستان آبزرور واحد قومی انگریزی روزنامہ ہے جو مسئلہ کشمیر کے لیے روزانہ ایک مخصوص صفحہ شائع کرتا ہے، جس کے ذریعے سفارتی برادری، پالیسی سازوں اور بین الاقوامی قارئین کو اس اہم مسئلے سے مسلسل آگاہ رکھا جاتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

دکاندار شاہد پانی والے کا بیان قلمبند کیا گیا اور وکیل صفائی جاوید میر نے گواہ پر جرح مکمل کر لی۔ دوسری جانب استغاثہ کی جانب سے عمارت کا ملبہ ہٹانے کی اجازت کے لیے دائر درخواست پر عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا۔ گواہ شاہد پانی والے نے اپنے بیان میں الزام عائد کیا کہ گل پلازہ انتظامیہ کی مبینہ غفلت کے باعث مارکیٹ کے دکاندار اور گاہک کئی گھنٹے تک پھنسے رہے اور لوگوں کی جانیں بچانے کے لیے کوئی مؤثر عملی اقدام نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت کوششیں کی جاتیں تو قیمتی جانیں بچائی جاسکتی تھیں۔ گواہ نے دعویٰ کیا کہ مارکیٹ میں فائر سیفٹی کے مناسب انتظامات اور فائر الارم موجود نہیں تھے۔ گواہ کے مطابق انہوں نے 22 جنوری کو ڈی آئی جی، ایس ایس پی ساؤتھ اور ایس ایچ او نبی بخش کو مقدمہ درج کرنے کے لیے درخواست دی، تاہم اس پر کارروائی نہ ہونے کے بعد سیشن جج کی عدالت سے رجوع کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مارکیٹ میں آگ کے پھیلاؤ اور شدت کو دیکھتے ہوئے انہیں سازش کا شبہ ہوا۔ ان کے بقول، جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ میں بھی مارکیٹ کے 16 دروازوں میں سے صرف دو سے چار دروازے کھلے ہونے کا ذکر تھا۔ دورانِ جرح وکیل صفائی نے گواہ سے ان کے کاروبار، مالی نقصان، دکانوں کی ملکیت اور مارکیٹ انتظامیہ کے ساتھ مبینہ اختلافات سے متعلق سوالات کیے۔ گواہ نے بتایا کہ وہ 'ایس پیور' کے نام سے منرل واٹر کی سپلائی کا کاروبار کرتے تھے اور آتشزدگی میں انہیں بھی نقصان پہنچا، تاہم انہوں نے کسی مالی کلیم کے لیے درخواست دینے کی تردید کی۔ وکیل صفائی نے گواہ سے دکانوں کی ملکیت، ان کے بھائی کے ساتھ مبینہ تنازع، کاروباری رجسٹریشن اور فائر سیفٹی سے متعلق دستاویزات کے بارے میں بھی سوالات کیے۔ گواہ نے بعض معاملات سے لاعلمی کا اظہار کیا، جبکہ دکانوں کے حوالے سے خاندانی تنازع کی تردید کی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سول ڈیفنس کی مبینہ جعلی رپورٹ انہوں نے دیکھی تھی اور اسے عدالت میں پیش کر دیں گے۔ جرح کے دوران گواہ نے تسلیم کیا کہ انہوں نے تفتیشی افسر کو دیے گئے بیان میں کسی سیڑھی کے بند ہونے کا ذکر نہیں کیا اور نہ ہی دکانوں کے شٹرز یا دروازوں کی بندش سے متعلق کوئی ویڈیو فراہم کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ رات 11 بجے کے بعد معمول کے مطابق چوکیدار دروازے اور شٹرز بند کرتے تھے۔ دوسری جانب استغاثہ نے عدالت میں عمارت کا ملبہ ہٹانے کی درخواست دائر کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ملبے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے اور آلودگی بھی پھیل رہی ہے۔ استغاثہ نے ملبہ ہٹانے کی اجازت دینے کی استدعا کی، جس پر عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ درخواست پر فیصلہ آئندہ سماعت پر سنایا جائے گا، جبکہ کیس کی مزید سماعت 24 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

فورس پولیس کی جانب سے مسلح ڈکیت ملزمان کے خلاف کارروائی کے دوران دو ملزمان کی ہلاکت، دو عدد 30 بور پستول بمعہ گولیاں اور موٹر سائیکل کی برآمدگی پر پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دو مسلح ڈکیت ایک دکاندار کو لوٹ رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر شاہین فورس پولیس کے جوان موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے میں دونوں ملزمان ہلاک ہوگئے۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے شاہین فورس کے افسران اور جوانوں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ کراچی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں اور شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق طالبہ 2 اکتوبر کو اسکول گئی تھی، تاہم گھر واپس نہیں پہنچی، جس کے بعد اس کے اغوا کا مقدمہ تھانہ سچل میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات اور کارروائی کے دوران قائداعظم کالونی میں چھاپہ مار کر طالبہ کو بازیاب کرایا اور مبینہ اغوا میں ملوث ہونے کے الزام میں باپ بیٹے کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق بازیاب ہونے والی طالبہ کو مزید قانونی کارروائی اور تحفظ کی غرض سے خواتین کے پولیس تھانے منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

کے مرکزی ملزم ساحل سلمان کے پڑوسی کو گرفتار کرلیا۔ تفتیشی ذرائع نے بتایا کہ مرکزی ملزم کا پڑوسی بھی واقعے میں ملوث نکلا جسے بلدیہ ٹاؤن سے گرفتار کیا گیا ہے۔ گرفتار ملزم کے موبائل فون ڈیٹا سے مرکزی ملزم سے رابطے کی بھی تصدیق ہوئی ہے جس سے شبہ ہے کہ وہ بھی واردات کی منصوبہ بندی میں مرکزی ملزم کے ساتھ ملوث رہا ہے۔ تفتیشی ذرائع نے کہا کہ مرکزی ملزم ساحل سلمان نے عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کی ہوئی جس کی سماعت 24 اکتوبر کو ہے۔ واضح رہے کہ گڈاپ کے فارم ہاؤس پر خواتین کے 50 سے زائد موبائل فون لیکر فرار ہونے کا واقعہ 30 ستمبر کو پیش آیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

اختر نے سندھ حکومت کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 18 برس سے صوبے میں حکمرانی کرنے والی پاکستان پیپلز پارٹی کراچی کے مسائل حل کرنے میں ناکام رہی ہے اور شہر کی آبادی میں اضافے کے باعث موجودہ انتظامی نظام کے تحت مؤثر حکمرانی ممکن نہیں رہی۔ انہوں نے ملک میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ ان کی جماعت سندھ کو تقسیم کرنے کے بجائے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت کرتی ہے۔ متحدہ لائرز فورم کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وسیم اختر نے کہا کہ سندھ میں سرکاری اداروں کی کارکردگی، میرٹ کی خلاف ورزیوں اور انتظامی بدانتظامی سے متعلق متعدد اہم معاملات توجہ طلب ہیں۔ ان کے مطابق متعلقہ حکام کو ان معاملات کا نوٹس لینا چاہیے اور اداروں میں شفافیت یقینی بنانی چاہیے۔ انہوں نے شاہ عبداللطیف یونیورسٹی سے متعلق مبینہ جعلی ڈگریوں کا معاملہ اٹھاتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ان کے پاس موجود ایک نوٹیفکیشن میں 1,184 وکلا کی ڈگریوں سے متعلق اعتراضات کا ذکر ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ معاملے کی تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں اور اگر کسی جعل سازی کی تصدیق ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ وسیم اختر نے سندھ میں قانونی تعلیم اور وکلا کی رجسٹریشن کے معاملات پر بھی تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے جامعہ کراچی کی فیکلٹی آف لا کے ڈین کی تقرری سے متعلق مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام لگاتے ہوئے متعلقہ حکام سے معاملے کی وضاحت اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں اور قانونی شعبے میں تقرریاں میرٹ اور مقررہ قواعد کے مطابق ہونی چاہئیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

جانب سے آنے والی ہوائیں بیک وقت کراچی کے موسم پر اثر انداز ہو رہی ہیں، جس کے باعث شہر میں گرم موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ دن کے ابتدائی حصے میں شمال مشرقی اور شمال مغربی سمت سے گرم اور خشک ہوائیں چلنے کا امکان ہے، جبکہ شام کے وقت جنوب مغربی سمت سے سمندری ہوائیں فعال ہوسکتی ہیں، جس سے گرمی کی شدت میں کچھ کمی آنے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو بھی کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ حکام نے کہا کہ ہوا میں نمی کا تناسب کم رہنے کے باعث فی الحال ہیٹ ویو جیسی صورت حال پیدا ہونے کا امکان نہیں ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ملیر سٹی تھانے کی حدود خیابان محمد، 60 فٹ روڈ پر مین گیٹ ملیر سٹی کے قریب پولیس نے مبینہ مقابلے کے دوران دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کیا تھا، جنہیں فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ان میں سے ایک ملزم دورانِ علاج دم توڑ گیا۔ پولیس نے ہلاک ملزم کی شناخت تنویر احمد ولد شاہ زین، جبکہ اس کے ساتھی کی شناخت زرین ولد محمد وحید کے نام سے کی ہے۔ ملیر سٹی پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے دو عدد 30 بور پستول، 11 ہزار روپے نقدی اور سرجانی ٹاؤن تھانے کی حدود سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق قانونی کارروائی جاری ہے، جبکہ زیر حراست ملزم سے مزید تفتیش اور دونوں ملزمان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوگیا ہے۔ مجوزہ منصوبے کے تحت سندھ کے لیے 2025ء سے 2030ء تک خصوصی ترقیاتی پروگرام تیار کیا جائے گا، جس کے ذریعے تقریباً 4 کروڑ ڈالر کے وسائل متحرک کرنے کا ارادہ ہے۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے کے وفد کی قیادت ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل اور منیجنگ ڈائریکٹر فاتو حیدرہ نے کی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر محنت سعید غنی، وزیر منصوبہ بندی و ترقی جام خان شورو، معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری قاسم نوید، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقی نجم شاہ، سیکریٹری ٹو وزیراعلیٰ آصف جمیل، سیکریٹری سماجی تحفظ خادم چینہ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے کے ایشیا بحرالکاہل خطے کے سربراہ جی ژاؤ، قائم مقام سربراہ بدرالاسلام اور قومی تکنیکی مشیر فاروق احمد صدیقی سمیت دیگر نمائندے بھی شریک ہوئے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے 2022ء کے تباہ کن سیلاب کے بعد متاثرہ دیہی آبادیوں کی بحالی میں اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت دیہی علاقوں میں بنیادی سہولتوں کی بہتری، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور آمدن کے پائیدار ذرائع پیدا کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوام کو طویل مدتی فوائد فراہم کیے جائیں اور بنیادی ڈھانچے کو موسمیاتی خطرات سے محفوظ بنایا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ یورپی یونین کے تعاون سے سندھ میں جاری پائیدار ترقیاتی پروگرام کے تحت ٹھٹھہ، سجاول، بدین، تھرپارکر اور لاڑکانہ میں مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقی جام خان شورو کے مطابق اس پروگرام کے لیے یورپی یونین نے 4 کروڑ 95 لاکھ 50 ہزار یورو کی مالی معاونت فراہم کی ہے۔ پروگرام کا مقصد غربت میں کمی، مقامی معیشت کو مضبوط بنانا اور دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو مالی معاونت، کاروباری رہنمائی اور تکنیکی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ بدین میں ایک خاتون کاروباری شخصیت نے مالی معاونت سے ریسٹورنٹ قائم کیا، جبکہ لاڑکانہ میں ایک کاروباری شخص نے آٹے کی چکی سے منسلک پاستا تیار کرنے کا یونٹ قائم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ مالی معاونت، کاروباری رہنمائی اور منڈیوں تک رسائی کے مواقع فراہم کر کے دیہی علاقوں میں روزگار اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے خواتین اور نوجوانوں کو معاشی ترقی کے عمل میں شامل کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں موسمیاتی تبدیلیوں سے محفوظ دیہات کی ترقی کے منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا گیا کہ پانچ اضلاع کے تقریباً 300 دیہات کے لیے ترقیاتی منصوبے تیار کیے گئے ہیں۔ ٹھٹھہ کے گاؤں لاکھو کھٹمیرو کے نمونے کو مزید 100 دیہات تک وسعت دینے کے لیے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقیاتی ادارے سے تعاون حاصل کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی۔ مجوزہ منصوبوں میں صاف پانی، نکاسی آب، سڑکوں، صفائی اور دیگر بنیادی سہولتوں کی بہتری شامل ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

دیا گیا ہے۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 294 تک پہنچ گیا ہے۔ لاہور کے علاقے کاہنہ نو کا اے کیو آئی 352 اور اقبال ٹاؤن کا 342 ریکارڈ ہوا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ آنے والے دنوں میں اے کیو آئی مزید بڑھ سکتا ہے اور یہاں موسم مسلسل خشک رہنے کا امکان ہے اور بارش کا امکان بھی نہیں ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

خرم داد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا، یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی انجام دے گا۔ ان تجربات میں بایوٹیکنالوجی اور زندگی سے متعلق تحقیق شامل ہے، جس سے مستقبل میں خوراک کی کمی اور موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون کا آغاز فروری 2025 میں خلابازوں کی تربیت اور خلائی مشن سے متعلق معاہدے کے ذریعے ہوا تھا۔ اب یہی تعاون پاکستان کے انسانی خلائی سفر کے خواب کو حقیقت کے قریب لا رہا ہے، رپورٹ کے مطابق پاکستان کا مقصد صرف خلا تک پہنچنا نہیں بلکہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر پہنچنے کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ دونوں ممالک ایک پاکستانی ساختہ قمری روور پر بھی کام کر رہے ہیں، جسے مستقبل میں چین کے چانگ ای 8 مشن کے ذریعے چاند پر بھیجنے کا منصوبہ ہے۔ اس سے قبل وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال یونیورسٹی میں پاکستان کا پہلا خلائی عجائب گھر قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے، تاکہ نوجوانوں میں سائنس اور خلائی تحقیق کا شوق پیدا کیا جا سکے۔ 25 نومبر کا یہ مشن پاکستان کیلئے محض ایک خلائی سفر نہیں، بلکہ سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہوسکتا ہے۔